★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 8 شعبان المعظم 1446ھ، 7 فروری 2025ء 25 ماگھ 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 108

فلسطینیوں کو ان کی سرزمین سے کہیں اور بھیجنا انتہائی تشویشناک ہے، پاکستان

پاکستان کا موقف واضح ہے، فلسطین کیلئے 1967 سے پہلے کی سرحدوں کیساتھ دوریاستی حل کے حامی ہیں، کشمیر پر پاکستانی حکومت کا موقف کشمیریوں کی خواہشات کے مطابق ہے، غیر قانونی مقیم افغان شہریوں کی واپسی غیر قانونی نہیں

ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی سابق امریکی صدر بائیڈن کو رحم کی اپیل مسترد ہوگئی ہے، عافیہ صدیقی مستقبل میں دوبارہ اپنے وکلا کے ذریعے کسی بھی وقت نئی رحم کی اپیل کرسکتی ہیں، شفقت علی خان



اسلام آباد(این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ فلسطین بارے پاکستان کا موقف واضح ہے، فلسطین کیلئے 1967 سے پہلے کی سرحدوں کیساتھ دوریاستی حل کے حامی ہیں، کشمیر پر پاکستانی حکومت کا موقف کشمیریوں کی خواہشات کے مطابق ہے، غیر قانونی مقیم افغان شہریوں کی واپسی غیر قانونی نہیں، ہم افغانوں کی تنہرے ملک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

چینگ: صدر پاکستان آصف علی زرداری چین کے وزیراعظم سے ملاقات سے پہلے مصافحہ کررہے ہیں

بلوچستان مسئلے کی ذمہ دار صرف ایک ادارہ نہیں، وزیراطلاعات

پیکا ایکٹ میں میڈیا تنظیمیں ایک بھی شق کی نشاندہی نہ کرسکی جو میڈیا کے خلاف ہو، پیکا ایکٹ لوگوں کے تحفظ کیلئے ہے

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی وزیراطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے مسائل کی ذمہ داری صرف ایک ادارے پر ڈالنا درست نہیں، بلوچستان میں اعتبار کیلئے لفظ کہاں سے آتی ہے، ہم سب کو پتہ ہے، ہمیں دونوں کو آگاہی دیکر درست راستے پر لانے ہوگے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

عمران خان کے ٹوئٹر اکاؤنٹ کے ذریعے پیغام رسانی کرنا بھی ناقابل فہم ہے، جیل میں رہ کر اسے استعمال کرنا ممکن نہیں ہے: اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ کی گفتگو

کوئی بھی زیر حراست ملزم یا مجرم جیل سے کوئی خط تحریر کریگا تو اس کی جانچ پڑتال جیل انتظامیہ اور سپرنٹنڈنٹ کرتا ہے، عبدالغفور انجم کا بیان

اسلام آباد(این این آئی) اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ عبدالغفور انجم نے انکشاف کیا ہے کہ عمران خان نے جیل سے کسی شخصیت کو کوئی خط تحریر نہیں کیا، تمام قیدیوں کی طرح بانی عمران خان نے جیل سے کوئی خط تحریر کیا تو اس کی جانچ پڑتال کی جائیگی، کوئی بھی زیر حراست ملزم یا مجرم جیل سے کوئی خط تحریر کرے گا تو اس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

پاکستان اور چین کے درمیان قابل تجدید توانائی کو ئلے کی کیسی فکسیشن معاہدوں پر دستخط

تقریب میں صدر آصف علی زرداری، نائب وزیر اعظم اسحٰق ڈار، وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ، شرجیل میمن و سینیٹر سلیم مانڈوی والا شریک ہوئے

پاکستان، چین نے سی پیک کو جدید ترقیاتی راہداری میں تبدیل کرنے، تجارتی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے، سائنسی و ٹیکنالوجی تعاون کو فروغ دینے پر بھی اتفاق

چینگ(این این آئی) پاکستان اور چین کے درمیان سینٹ کی پیداوار میں اضافے، قابل تجدید توانائی اور کوئلے کی کیسی فکشن سمیت اہم معاہدوں پر دستخط کیے گئے جبکہ پاکستان اور چین نے سی پیک کو جدید ترقیاتی راہداری میں تبدیل کرنے، تجارتی تعاون کو فروغ دینے و اتفاق کیا ہے، تعلیمات کے مطابق پاکستان اور چین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پاکستان کی ترقی کیلئے سب کو مل کر کام کرنا وزیراعظم

پاکستان کی ترقی کیلئے سب کو مل کر کام کرنا ہے، متعین کردہ اداروں کی نگہداری کے عمل کو شفافیت پر سمجھوتہ کئے بغیر تیز کیا جائے، حکومت کا کام کاروبار کرنا نہیں، کاروبار و سرمایہ کاری کیلئے پالیسی اقدامات اور سہولت فراہم کرنا ہے

بروقت ضروری اصلاحات ہی سے معیشت کی بہتری کی جانب تیزی سے گامزن ہیں، نگہداری کے عمل میں قانونی رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے اچھی شہرت کے وکلاء کی خدمات لی جائیں، وزیر اعظم

اسلام آباد(این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے نگہداری کے عمل کو تیز کرکے معیشت دستاویز کی بہتری کی جانب تیزی سے گامزن ہیں، نگہداری کے عمل میں قانونی رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے اچھی شہرت کے وکلاء کی خدمات لی جائیں، وزیر اعظم



اسلام آباد، قائمقام صدر سید یوسف رضا گیلانی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

بانی پی ٹی آئی نے جن کے نام خط لکھا انہوں نے ہی کی ٹوکری میں پھینک دیا، عظمیٰ بخاری

مہاتما نے خط نہیں لکھا بلکہ لطیفہ تحریری این آر او مانگا ہے، جوڈث گیا تھا اور ہارنیں مان رہا تھا، اب وہ تلوے چاٹ رہا ہے، وزیر اطلاعات

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے جن کے نام خط لکھا انہوں نے ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا ہے۔ مہاتما نے خط نہیں لکھا بلکہ لطیفہ تحریری این آر او مانگا ہے۔ جوڈث گیا تھا اور ہارنیں مان رہا تھا، اب وہ تلوے چاٹ رہا ہے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

پنجاب دھی رانی پروگرام کے تحت 104 جوڑوں کی اجتماعی شادی

پروگرام کے تحت کی جانیوالی شادیوں میں جوڑوں کو ایک لاکھ روپے سلامی دی گئی

مظفرگڑھ (این این آئی) مظفرگڑھ میں پنجاب دھی رانی پروگرام کے تحت 104 جوڑوں کی اجتماعی شادی کی گئی، تفصیلات کے مطابق مظفرگڑھ میں پنجاب دھی رانی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

ترک صدر کے دورہ پاکستان کے دوران متعدد مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کا امکان

13 فروری کو وزیراعظم کیساتھ ایل ایس سی کے ساتویں اجلاس میں شریک صدارت ہوں گے، رپورٹ

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان اور ترکیہ کے درمیان صدر طیب اردوان کے آئندہ دورہ پاکستان کے دوران زرعی شعبے سمیت اقتصادی تعاون کو بڑھانے کیلئے مفاہمت کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

منیر اکرم کی صدر یو این سیکیورٹی کونسل سے ملاقات

مقبوضہ کشمیر میں سنگین انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی طرف توجہ مبذول کروائی گئی

نیویارک(این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم نے اقوام متحدہ کی صدر سیکیورٹی کونسل کو خط وزیراعظم شہباز شریف کے عمل کو تیز کرکے معیشت دستاویز کی بہتری کی جانب تیزی سے گامزن ہیں، نگہداری کے عمل میں قانونی رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے اچھی شہرت کے وکلاء کی خدمات لی جائیں، وزیر اعظم

اسلام آباد(این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے نگہداری کے عمل کو تیز کرکے معیشت دستاویز کی بہتری کی جانب تیزی سے گامزن ہیں، نگہداری کے عمل میں قانونی رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے اچھی شہرت کے وکلاء کی خدمات لی جائیں، وزیر اعظم

اسلام آباد، قائمقام صدر سید یوسف رضا گیلانی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

پنجاب دھی رانی پروگرام کے تحت 104 جوڑوں کی اجتماعی شادی

پروگرام کے تحت کی جانیوالی شادیوں میں جوڑوں کو ایک لاکھ روپے سلامی دی گئی

مظفرگڑھ (این این آئی) مظفرگڑھ میں پنجاب دھی رانی پروگرام کے تحت 104 جوڑوں کی اجتماعی شادی کی گئی، تفصیلات کے مطابق مظفرگڑھ میں پنجاب دھی رانی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

ترک صدر کے دورہ پاکستان کے دوران متعدد مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کا امکان

13 فروری کو وزیراعظم کیساتھ ایل ایس سی کے ساتویں اجلاس میں شریک صدارت ہوں گے، رپورٹ

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان اور ترکیہ کے درمیان صدر طیب اردوان کے آئندہ دورہ پاکستان کے دوران زرعی شعبے سمیت اقتصادی تعاون کو بڑھانے کیلئے مفاہمت کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

پنجاب اسمبلی کے زیر اہتمام پہلی مشترکہ پی پی اے ایشیا اور ساؤتھ ایسٹ ایشیا پارلیمانی کانفرنس 6 تا 10 فروری 2025 لاہور میں منعقد ہوگی

لاہور (خبر نگار) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کی صدارت میں، پنجاب اسمبلی تاریخ میں پہلی بار کامن ویلتھ پارلیمنٹری ایسوسی ایشن (CPA) ایشیا اور ساؤتھ ایسٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے متاثرہ ترین ممالک میں شامل

تنہا جنگ نہیں لڑ سکتے، پاکستان ایک فیصد سے بھی کم گیسوں کا اخراج کرتا: حسن اقبال

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی حسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے متاثرہ ترین ممالک میں شامل ہے، ہم تنہا یہ جنگ نہیں لڑ سکتے، پاکستان ایک فیصد سے بھی کم گیسوں کا اخراج کرتا ہے، کلائمیٹ فنانس عالمی اتحاد کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

خیبر پختونخوا میں مفت سولر سسٹم کیلئے 16 لاکھ افراد نے رجسٹریشن کرالی

یونٹ تک بجلی استعمال کرنے والوں کو 50 فیصد سبسڈی پر سولر سسٹم دیا جائے گا، حکم

پشاور(این این آئی) خیبر پختونخوا میں مفت سولر سسٹم کیلئے 16 لاکھ افراد نے رجسٹریشن کرالی، محکمہ توانائی خیبر پختونخوا کے مطابق مفت سولر سسٹم صوبے کے ایک لاکھ 30 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

پی ٹی آئی مینار پاکستان جلسہ ڈٹی مشنر کو درخواست آج ہی فیصلہ کرنے کا حکم

تحریک انصاف کی 8 فروری کو مینار پاکستان میں جلسے کی اجازت کے معاملے پر درخواست کی سماعت لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس فاروق حیدر نے کی

اگر میٹنگ کل ہوتی ہے اور ان کی جلسے کی اجازت مسترد ہوجاتی ہے تو آپ کہاں جائیں گے؟: عدالت کا استفسار

لاہور (ویب ڈیسک) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل لاہور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی 8 فروری کو مینار پاکستان لاہور میں جلسے کی اجازت کے معاملے پر درخواست پر آج ہی فیصلہ کرنے کا حکم جاری کردیا۔ فاروق حیدر نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر کو آج ہی درخواست پر فیصلہ کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

پیکا ترمیمی ایکٹ کو کالعدم قرار دینے کے خلاف ایک اور درخواست دائر

عدالت نے ابتدائی سماعت کے بعد وفاقی حکومت سمیت دیگر فریقین کو نوٹس جاری کردیے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں پیکا ترمیمی ایکٹ 2025 کو کالعدم قرار دینے کے لئے ایک اور درخواست دائر کردی گئی۔ درخواست ابتدائی سماعت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

اقوام متحدہ کا اسلام آباد سے افغانیوں کے انخلا کے حکم پر اظہار تشویش

یو این ایجنسیز کے نزدیک یہ انسانی حقوق کے حوالے سے درست نہیں ہے، ایجنسیز اقوام متحدہ کی چھتری تلے کام کرتی ہیں

تشویش ظاہر کرنے والی یو این ایجنسیوں میں یو این ایچ سی آر کے علاوہ آئی او ایم انٹرنیشنل آرگنائزیشن آف مائیگریشن شامل ہیں

نیویارک (این این آئی) پاکستان میں افغان مہاجرین کی رضاکارانہ واپسی کے حوالے سے یو این ایچ سی آر کے علاوہ آئی او ایم انٹرنیشنل آرگنائزیشن آف مائیگریشن شامل ہیں۔ دونوں اقوام متحدہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

افغان شہریوں کو اپنے دارالحکومت اسلام آباد اور اس کے جڑواں شہر راولپنڈی سے نکلنے کا حکم جاری کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ان تشویش ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ اس امر پر گہری تشویش ہے کہ پاکستان کے حکام نے

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



اسلام آباد: وزیر مملکت آصف علی زرداری سے چینی وزیراعظم کی ملاقات، اہم امور پر تبادلہ خیال

صدر مملکت کی چینی وزیراعظم لی چیانگ سے ملاقات، اہم امور پر تبادلہ خیال

صدر مملکت نے علاقائی روابط کے فروغ میں پاک چین اقتصادی راہداری کے اہم کردار پر روشنی ڈالی

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے چینگ کے آبزرویٹری کونسل کے وزیر اعظم لی چیانگ سے گریٹ ہال آف دی پیپل میں ملاقات کی اور دونوں ملکوں کے مابین پائیدار اور گہری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

آل ویدر اسٹریٹجک کوآپریٹو پارٹنرشپ" پر روشنی ڈالی۔ ملاقات کے اطلاعیہ کے مطابق دونوں ممالک کے رہنماؤں کی پے در پے سطحوں نے دوستی کو مضبوط کیا، صدر مملکت نے دوطرفہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

مراکش کشتی حادثے میں جاں بحق چار پاکستانیوں کی لاشیں پاکستان پہنچا دی گئیں

اسلام آباد(این این آئی) مراکش کشتی حادثے میں جاں بحق ہونے والے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

26 ویں ترمیم میں حکومت کو ووٹ دینے کیلئے 75 کروڑ روپے کی پیشکش کی گئی تھی، جمیعلانی

پشاور(این این آئی) صدر پی ٹی آئی خیبر پختونخوا جمیعلانی کپرو نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

پاکستان بزنس فورم کا ضروری اشیاء کی ذخیرہ اندوزی کنٹرول کرنے کا مطالبہ

مارکیٹ میں ذخیرہ مافیا سرگرم، صدر پی پی ایف خواجہ محبوب الرحمٰن کا شہباز شریف کو خط

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان بزنس فورم کے مطالبے پر پاکستان بزنس فورم نے وزیر اعظم شہباز شریف کو خط لکھ کر رمضان سے قبل ضروری اشیاء کی ذخیرہ اندوزی کنٹرول کرنے کا مطالبہ کردیا۔ تفصیلات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)



اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ و ریونیو محمد اورنگزیب سے سابق گورنر سندھ اختر مظاہر ملاقات کررہی ہیں

مسلم ممالک یہودی کمپنیوں کا بائیکاٹ کا اعلان کریں، جاوید قصوری

حکومت پاکستان غزہ میں انسانی زندگی کی تعمیر نو کے لئے ہنگامی بنیادوں پر کام کرے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب و سابق صدر جاوید قصوری نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو کے ساتھ وائٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

ریلوے پولیس ٹریننگ سکول والٹن میں 27ویں نئی نفری کی پاسنگ آؤٹ پریڈ کی تقریب کا انعقاد

آئی جی ریلویز پولیس راؤ سردار علی خان تقریب کے مہمان خصوصی تھے

لاہور (صابر غوری) ریلویز پولیس ٹریننگ اسکول والٹن میں 27ویں نئی نفری کی پاسنگ آؤٹ پریڈ تقریب کا انعقاد ہوا جس میں ریلویز پولیس کے خواتین افسران کو پریڈ کمانڈ کرنے کا اعزاز حاصل ہوا۔ آئی جی ریلویز پولیس راؤ سردار علی خان مہمان خصوصی تھے جنکا ٹریننگ اسکوائر میں ڈی آئی جی آپریشنز عبدالرب چوہدری نے استقبال کیا اور تقریب کے آغاز میں پرنسپل والٹن آفیسرز میس میں چائے پر سیاں نامہ پیش کیا۔ آئی جی ریلویز پولیس نے اپنے خطاب میں ٹریننگ اسکول والٹن کی پوری ٹیم بالخصوص پرنسپل والٹن کمپارٹمنٹ پولیس کو خراج تحسین پیش کیا۔ انکا کہنا تھا کہ لیڈی آفیسر کو ٹریننگ اسکول میں تعینات کرنے سے اچھے نتائج سامنے آرہے ہیں۔ انہوں نے اظہار کیا کہ وہ خواتین آفیسر کو پروموٹ کرنے کے حق میں ہیں۔ آئی جی نے زیر تربیت اور پاس آؤٹ ہونے والے افسران کو ڈیوٹی حاصل بھجت سمجھ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی۔



103 افسران نے 4 ماہ کے دورانیے میں تھکا دینے تربیت حاصل کی۔ آئی جی ریلویز پولیس راؤ سردار علی خان تقریب کے مہمان خصوصی تھے جنکا ٹریننگ اسکوائر میں ڈی آئی جی آپریشنز عبدالرب چوہدری نے استقبال کیا اور تقریب کے آغاز میں پریڈ والٹن آفیسرز میس میں چائے پر سیاں نامہ پیش کیا۔ آئی جی ریلویز پولیس نے اپنے خطاب میں ٹریننگ اسکول والٹن کی پوری ٹیم بالخصوص پرنسپل والٹن کمپارٹمنٹ پولیس کو خراج تحسین پیش کیا۔ انکا کہنا تھا کہ لیڈی آفیسر کو ٹریننگ اسکول میں تعینات کرنے سے اچھے نتائج سامنے آرہے ہیں۔ انہوں نے اظہار کیا کہ وہ خواتین آفیسر کو پروموٹ کرنے کے حق میں ہیں۔ آئی جی نے زیر تربیت اور پاس آؤٹ ہونے والے افسران کو ڈیوٹی حاصل بھجت سمجھ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی۔

ریلوے لاہور ڈویژن کی جانب سے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلی

ریلی کے شرکاء نے کثیر تعداد میں کشمیری اور پاکستانی جھنڈے اٹھا رکھے تھے

لاہور (سٹاف رپورٹر) ملک بھر کی طرح یوم کشمیر پر ریلوے لاہور ڈویژن کی جانب سے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلی نکالی گئی۔ ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے لاہور ڈویژن محمد شعیب خالد گل کی ہدایت پر ڈویژنل عملہ کے کثیر تعداد نے ریلی میں شرکت کی۔ اس موقع پر کشمیریوں کی آزادی تحریک کشمیر پر بھارتی ظلم کی مذمت کی گئی۔ شرکاء نے کثیر تعداد میں کشمیری اور پاکستانی جھنڈے اٹھا رکھے تھے۔ ریلی کے شرکاء نے کشمیر بھارتی قبضے کے خلاف نعرے بازی بھی کی گئی۔ شرکاء نے کشمیر کی بھارتی تسلط سے آزادی کیلئے بھرپور جدوجہد کرنے کا عزم کیا۔ ریلی کے شرکاء نے کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں ڈویژنل و اسسٹنٹ افسران سمیت ریلوے ملازمین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر کشمیریوں کی آزادی تحریک کشمیر پر بھارتی تسلط کے خلاف نعرے لگائے گئے۔



تاریخ کا طویل ترین لاک ڈاؤن

ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ لاہور ڈویژن محمد شعیب خالد گل کی ہدایت پر ڈویژنل عملہ کے کثیر تعداد نے ریلی میں شرکت کی۔ اس موقع پر کشمیریوں کی آزادی تحریک کشمیر پر بھارتی تسلط کے خلاف نعرے لگائے گئے۔

صومالیہ کے سفیر شیخ نور محمد حسن کا ایوای ٹی لاہور کا دورہ، وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر سے ملاقات

اساتذہ اور طلبہ کے تبادلے، مشترکہ مفادات کے شعبہ جات میں باہم تحقیق کو فروغ دینے پر بات چیت

پاکستان اور صومالیہ کے مابین مضبوط، نتیجہ خیز اور بلا تعطل دوطرفہ تعلقات ہیں: سفیر

تدریسی اداروں کے مابین دوطرفہ تعلقات قائم کروانے میں سفارت خانہ معاون ثابت ہوگا: سفیر



وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر صومالیہ کے سفیر شیخ نور محمد حسن کو ایوای ٹی دورے کے موقع پر شیلڈ پیش کر رہے ہیں

لاہور (خبرنگار) پاکستان میں موجود صومالیہ کے سفیر شیخ نور محمد حسن نے یونیورسٹی آف ایجوکیشن جوہر ٹاؤن کیمپس کا دورہ کیا اور وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر سے ملاقات کی۔ اس دوران انہوں نے یو ای ٹی میں زیر تعلیم صومالیہ کے طلباء سے ملاقات کی اور پاکستان اور درپیش چیلنجز کو سنا۔ انکا کہنا تھا کہ پاکستان اور صومالیہ کے مابین مضبوط، نتیجہ خیز اور بلاتعطل دوطرفہ تعلقات ہیں دونوں ممالک میں تدریس و روابط کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔ ڈاکٹر شاہد منیر نے یونیورسٹی کے سفیر کو یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کروایا اور ملک و قوم کی فلاح کیلئے کام کرنے والے سفارتکاروں کو خراج تحسین پیش کیا۔ سفیر نے کہا کہ یونیورسٹی کے شعبہ جات کے ساتھ ساتھ مشترکہ مفادات کے شعبہ جات میں باہم تحقیق کو فروغ دینے کیلئے معاہدہ کی گنجائش موجود ہے جس سے یقینی طور پر دوطرفہ تعلقات کو واضح مقصدیت حاصل ہو سکے گی۔ آخر میں وائس چانسلر نے سفیر کو اعزازی شیلڈ بھی پیش کی۔

پیکا ایکٹ سے صحافیوں کو کوئی خطرہ نہیں تجزیہ کار

پیکا ایکٹ ریاست اور اداروں کے خلاف جھوٹی سازشوں اور پراپیگنڈہ سے نمٹنے کا ایک اہم ہتھیار ثابت ہوگا

سچائی ایمانداری اور ملک و قوم کی فلاح کیلئے کام کرنے والے صحافیوں کو اس سے کوئی خطرہ نہیں

لاہور (نمائندہ خصوصی) پیکا ایکٹ ریاست اور اداروں کے خلاف جھوٹی سچی گمنام سازشوں اور پراپیگنڈہ سے نمٹنے کا ایک اہم ہتھیار ثابت ہوگا جبکہ سچائی ایمانداری اور ملک و قوم کی فلاح کیلئے کام کرنے والے صحافیوں کو اس سے کوئی خطرہ نہیں یہ قانون جعلسازوں، ملک میں افراتفری پھیلانے والوں اور ریاست کے خلاف سازشیں کرنے والوں کیلئے ہے۔ یہ خیالات ہفتہ کے روز پیکا ایکٹ سے متعلق ایک آگاہی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل پاکستان انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پیتا) ڈاکٹر عارف علی خان نے کہے۔ سیمینار کا اہتمام پیتا نے پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے تعاون سے کیا تھا۔ سیمینار میں صحافیوں، سول سوسائٹی کے نمائندوں، وکلاء اور دیگر شعبہ جات کے ماہرین نے شرکت کی۔ ڈاکٹر عارف علی خان نے کہا کہ پیکا ایکٹ کے تحت صحافیوں کو کوئی خطرہ نہیں ہے۔ یہ قانون صرف ان لوگوں کیلئے ہے جو ریاست اور اداروں کے خلاف جھوٹی سچی خبریں پھیلاتے ہیں۔ ایسے لوگوں کیلئے ہے جو ریاست کے خلاف سازشیں کرتے ہیں۔ ایسے لوگوں کیلئے ہے جو ریاست کے خلاف پراپیگنڈہ کرتے ہیں۔ ایسے لوگوں کیلئے ہے جو ریاست کے خلاف سازشیں

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 7 فروری 2025ء

اسسٹنٹ کمشنر انعم بابر کی زیر نگرانی تجاوزات کیخلاف آپریشن

صرافہ ایسوسی ایشن کے سٹی صدر عظیم اکرم پلا، حمید ڈار سمیت شہریوں کا تجاوزات کے خاتمے کا خیر مقدم، مستقل بنیادوں پر تجاوزات کے خاتمے کو یقینی بنایا جائے



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) اسسٹنٹ کمشنر انعم بابر کی زیر نگرانی میونسپل ایڈمنسٹریشن سیالکوٹ کا پسرور روڈ تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن، تجاوزات کی زد میں آنے والے دکانوں کے تھڑوں، تندوروں اور شیڈز کو گرا دیا گیا۔ صرافہ ایسوسی ایشن کے سٹی صدر عظیم اکرم پلا، حمید ڈار سمیت شہریوں کا تجاوزات کے خاتمے کا خیر مقدم، مستقل بنیادوں پر تجاوزات کے خاتمے کو یقینی بنایا جائے۔ چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ ملک اعجاز حسین کی زیر قیادت میونسپل کارپوریشن عملہ انکروچمنٹ نے بھاری مشینری استعمال کرتے ہوئے ناجائز تجاوزات گرا دیں اسسٹنٹ کمشنر انعم بابر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت کے مطابق تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز آپریشن کیا جا رہا ہے۔ تاجران کمیونٹی کے ذریعے اور براہ راست تجاوز کنندگان کو از خود تجاوزات ہٹانے کے نوٹسز جاری کئے گئے اس کے باوجود تجاوزات نہ ہٹانے پر کارروائیاں کی جا رہی ہیں جس میں ایف آئی ارز، جرمانے، گرفتاریاں اور موقع پر مسماری اور سامان کا ضبط کیا جانا شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ دکاندار رضا کارانہ تجاوزات ختم کر کے ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت فراہم کریں اور اکثریت نے از خود تجاوزات ہٹا بھی لی ہیں تاہم جہاں ضرورت ہوگی کارروائی کریں گے۔ انہوں نے کہا دوبارہ تجاوزات نہ ہونے کیلئے چھوٹے بڑے اتی انکروچمنٹ اسکواڈز تشکیل دیئے گئے ہیں اور مسلسل سرویلینس کی جائے گی۔

روایتی کوالٹی مٹھائیوں میں ہمارا منفرد مقام ہے۔ رانا عرفان

لذت و معیار کا دوسرا نام سیالکوٹ سویٹس بیکرز ہے



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) روایتی کوالٹی مٹھائیوں میں ہمارا منفرد مقام ہے۔ رانا عرفان۔ لذت و معیار کا دوسرا نام سیالکوٹ سویٹس بیکرز ہے۔ برصغیر پاک و ہند کی روایات میں خوشی کے ہر ایک مواقع و تہواروں پر منہ میٹھا کرنے کیلئے مٹھائی ایک روایت چلی آ رہی ہے۔ اپنے کرم فرماؤں کی خدمت میں لذت و روایت کا میٹھا امتزاج سیالکوٹ سویٹس اینڈ بیکرز پر فراہم کیا جا رہا ہے۔ الحمدللہ اعلیٰ معیار کیساتھ بہترین ذائقے و فریش فوڈ کوالٹی ہمارا خاصہ ہے۔ ان باتوں کا اظہار سیالکوٹ سویٹس اینڈ بیکرز اگوکی سیالکوٹ و نارووال وغیرہ کی روح رواں حاجی رانا محمد عرفان نے میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ زمان و مکاں کوئی بھی ہمیشہ اپنا اعلیٰ معیار و لاجواب ذائقے کی عمدہ سویٹس بیکرز و ڈیزرٹس وغیرہ کی وسیع رینج اپنے کرم فرماؤں کیلئے موجود ہے انہوں نے کہا کہ ہم اپنی فریش کوالٹی فوڈ پراڈکٹس پر کمپرومائز نہیں کرتے یہی ہماری وجہ شہرت و کامیابی ہے۔

خصوصی بچوں کی معیاری تعلیم و تربیت کے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے: ڈپٹی کمشنر قصور

متاثرہ سماعت بچوں کی تعلیم و تربیت اور بہتر پرورش کے لئے کئے جانے اقدامات کو سراہا اور کہا کہ ان کا کام قابل تحسین ہے

قصور (بیورو چیف) صحت مند تعلیمی اور معاشرتی ماحول خصوصی بچوں کو مفید اور کامیاب شہری بنا سکتا ہے قصور کی ضلعی انتظامیہ ان خصوصی بچوں کی سرپرست ہے اور خصوصی بچے کسی طور عام بچوں سے کم صلاحیت کے مالک نہیں ہیں ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر قصور اور نگہبان حیدر خان نے گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن سکول برائے متاثرہ سماعت قصور میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا یہ تقریب خصوصی بچوں میں حکومت پنجاب کی طرف سے فراہم کردہ صفائی کی کٹ تقسیم کرنے کے لئے منعقد کی گئی تھی ڈپٹی کمشنر اور نگہبان حیدر خان نے ادارہ کے سربراہ اور ان کی طرف سے متاثرہ سماعت بچوں کی تعلیم و تربیت اور بہتر پرورش کے لئے کئے جانے اقدامات کو سراہا اور کہا کہ ان کا کام قابل تحسین ہے انہوں مزید کہا کہ حکومت پنجاب خصوصی بچوں کو مطلوب تمام وسائل فراہم کر رہی ہے اور اب والدین اور معاشرے کو اپنا فرض ادا کرتے ہوئے سکول جانے کی عمر کے تمام خصوصی بچوں خصوصی تعلیمی اداروں میں داخل کروانا چاہئے تا کہ حکومت پنجاب کی طرف سے خصوصی بچوں کے لئے کی جانے والی کوششیں کامیابی سے ہم کنار ہو سکیں تقریب کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر نے متاثرہ سماعت بچوں میں صفائی کی کٹس تقسیم کیں والدین اور شرکاء نے حکومت پنجاب کے اس کاوش کو بہت سراہا

سن گرو تحفظ سپرے پمپنی کی فرنچائز کا شاندار افتتاح

پاکپتن (محمد عمران جنجوعہ۔ قوت) سن گرو تحفظ سپرے پمپنی کی فرنچائز کا شاندار افتتاح۔ پاکپتن سن گرو تحفظ سپرے پمپنی نے اپنی فرنچائز کا افتتاح کر دیا۔ النور زرعی کارپوریشن، سکندر چوک میں تحفظ سپرے سنٹر کی شاندار تقریب منعقد ہوئی، جس میں زمینداروں اور زراعت سے وابستہ افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر ماہرین زراعت نے کسانوں کو معیاری بیج اور جدید زرعی سپرے کے فوائد سے آگاہ کیا۔ تحفظ سپرے سنٹر کے قیام سے کسانوں کو اعلیٰ معیار کے بیج اور سپرے بآسانی دستیاب ہوں گے، جو پیداوار میں اضافے اور فصلوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ تقریب کے مہمان خصوصی سن گرو تحفظ ایریس ایم نسیم احمد نے کہا کہ سن گرو تحفظ سپرے کمپنی کا مشن کسانوں کو جدید اور معیاری زرعی سہولیات فراہم کرنا ہے تا کہ زراعت کو مزید ترقی دی جا سکے۔ زرعی ماہرین نے بھی کسانوں کو جدید تکنیکوں سے مستفید ہونے کی تلقین کی۔

آزاد میڈیا گروپ پریس کلب رجسٹرڈ عارفوالا کا اجلاس

اجلاس کی صدارت چوہدری محمد اکرم نے کی اور جنرل سیکرٹری محمد یار گجر نے کی



عارفوالا (نامہ نگار نصر اللہ سے) آزاد میڈیا گروپ پریس کلب رجسٹرڈ عارفوالا کا اجلاس تفصیلات کے مطابق زیر صدارت محترم چوہدری محمد اکرم آزاد میڈیا گروپ پریس کلب رجسٹرڈ عارف والا کا اجلاس بمقام سلمان شاہ ہوٹل قبولا میں منعقد ہوا جس کا آغاز تلاوت قران پاک سے کیا گیا جس کی سعادت محمد یونس جموں نے حاصل کی اجلاس کی صدارت چوہدری محمد اکرم نے کی اور جنرل سیکرٹری محمد یار گجر نے پچھلے اجلاس کا ایجنڈا بتایا آزاد میڈیا گروپ پریس کلب رجسٹرڈ عارفوالا کی مکمل کابینہ نے اپنی حاضری کو یقینی بنایا جس میں آزاد میڈیا گروپ پریس کلب کے چیئرمین محمد صلاح الدین سرپرست اعلیٰ میاں محمد حسین سکھیرا، وائس چیئرمین ڈاکٹر عبدالغفور چوہدری، نائب صدر محمد احتشام، نائب صدر طیب گلزار، نائب صدر یونس جموں، نائب صدر مقصود عالم، مجلس عاملہ چیئرمین میاں جاوید، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری محمد ارسلان خالد، ارسلان رمضان فنانس سیکرٹری محمد عامر سیکرٹری نشر و اشاعت محمد تنویر کمبوہ لیگل ایڈوائزر، ممبران حسنین علی، محمد احمد، محمد تقلین اکرم، محمد طلحہ، شوکت امین نے اجلاس میں شرکت کی۔

وزیر اعلیٰ کا دھی رانی پروگرام 67 جوڑوں کی اجتماعی شادی

صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ، صوبائی وزیر ہاؤسنگ و اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین نے نوبیاہتا جوڑوں کو شادی کی مبارکباد



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے پروگرام "دھی رانی" کے تحت گوجرانوالہ ڈویژن کے اضلاع سے تعلق رکھنے والے 67 جوڑوں کی اجتماعی شادی کی تقریب، صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ، صوبائی وزیر ہاؤسنگ و اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین نے نوبیاہتا جوڑوں کو شادی کی مبارکباد اے ٹی ایم کے ذریعے ایک ایک لاکھ روپے سلامی دی کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد، ڈی جی سوشل ویلفیئر محمد طارق قریشی، ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر ارشاد وحید مارکان اسمبلی چوہدری محمود بشیر ورک، سیدہ نوشین افتخار، عمران خالد بٹ، بلال فاروق تارڑ، چوہدری نوید اشرف، چوہدری ارشد وڑائچ، شازیہ فرید، سائرہ افضل تارڑ بھی موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے فلیگ شپ پروگرام "دھی رانی" کے تحت رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے والوں میں گوجرانوالہ کے 14، حافظ آباد 27 نارووال 5، گجرات 5، سیالکوٹ 8 منڈی بہاوالدین 8 جوڑے شامل ہیں، 65 جوڑے مسلم اور 2 غیر مسلم جوڑے شادی کے بندھن میں بندھے جنہیں سلامی کیساتھ دو لاکھ روپے مالیت کا جہیز بھی دیا گیا، شادی کی تقریب میں ہر جوڑے کے 20 رشتہ دار بھی شریک ہوئے، باراتوں کی آمد پر پولیس بینڈ نے دھنیں پیش کیں جبکہ مہمانوں کی ضیافت پر تکلف کھانے سے کی گئی۔ صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی طرف سے نئے جوڑوں، انکے والدین کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ مانا جاتا ہے کہ بیٹیاں سانجھی ہوتی ہیں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے دھی رانی پروگرام کے تحت اس کہاوت کو سچ ثابت کر کے دکھایا، بیٹی کو ماں جیسے بنتے دیکھ رہے ہیں، ہر طبقہ سے تعلق رکھنے والے جوڑوں کی شادی کی اجتماعی تقریب مساوات کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی حکومت ہر میدان میں بھرپور اُتشی ایٹو ڈلے رہی ہے، دوسرے صوبوں کو اگر پنجاب گورنمنٹ سے مقابلہ کرنا ہے تو کارکردگی سے کریں۔ صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ نے کہا کہ صوبائی حکومت کا پروگرام "دھی رانی" ہر والدین کے دل کی آواز ہے جنہوں نے سخت سے اپنی بیٹیوں کو پڑھا لکھا کر پروان چڑھایا اور وہ انکے گھر آباد دیکھنا چاہتے ہیں مگر وسائل کی کمی آڑے آ رہی ہے۔ صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین نے کہا کہ حکومت پنجاب نے ہر میدان میں کامیاب اور فلاحی پالیسیوں کو متعارف کرایا ہے۔

پریس کلب شیخوپورہ کو سیل کئے جانے کے خلاف صحافی برادری سراپا احتجاج بن گئی

ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ کے پریس کلب کو سیل کرنے کے اقدام کے خلاف پریس کلب کے باہر احتجاجی کیمپ لگا دیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پریس کلب شیخوپورہ کو سیل کئے جانے کے خلاف صحافی برادری سراپا احتجاج بن گئی ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ کے پریس کلب کو سیل کرنے کے اقدام کے خلاف پریس کلب کے باہر احتجاجی کیمپ لگایا گیا جس میں شرکت کرنے والے صحافیوں نے ڈپٹی کمشنر کے اس اقدام کو ریاست کے چوتھے ستون صحافت کے خلاف کھلی جارحیت قرار دیتے ہوئے اس کی پرزور مذمت کی اور کہا کہ ڈپٹی کمشنر کا یہ اقدام ملکی تاریخ کا منہ بولتا باب ہے جس کی مثال ملک بھر میں نہیں ملتی ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز ڈپٹی کمشنر کے اس غیر آئینی اقدام کو فوری نوٹس لیتے ہوئے پریس کلب کو ڈی سیل کرنے کے احکامات جاری کریں تا کہ صحافی برادری جملہ صحافتی امور بااحسن انجام دے سکے، اس احتجاجی کیمپ میں جے یو آئی ف، جے یو پی، پاکستان مسلم لیگ (ن)، پاکستان پیپلز پارٹی اور پی ٹی آئی کے عہدیداروں نے شرکت کر کے صحافیوں سے اظہار یکجہتی کیا، اس موقع پر صدر پریس کلب مبشر حسن بٹ، جنرل سیکرٹری فاروق ملک، پی ایف یو جے کے صدر رانا محمد عثمان، چیئرمین پریس کلب امجد نذیر بٹ، سینئر وائس چیئرمین الحاج ملک محمد بوٹا، وائس چیئرمین عبدالحمید بھٹی، سابق صدر جاوید معراج، سینئر صحافی عظیم احمد ڈوگانی، محمد ارشد شیخ، یوسف سعید کھوکھر، میاں شاہد اسلم چالندھری، غلام عباس گل، میاں ظہور احمد، میاں یاسر ندیم، قمر الدین قادری، رانا محمد اکرم، اعظم محمود ولانہ، شہزاد علی ورک، ثمر اقبال، چوہدری محمد شفیق، سیف الرحمن سیفی، حافظ عبدالرزاق، خاقان عتیق بھٹی، رانا عمران امین، احسن ہاشمی، حسن گورایہ، محسن شاد، آصف کمبوہ، عثمان گوندل، عثمان بٹ، امجد علی سلطانی دیگر ممبران و ضلع کے مختلف پریس کلبوں کے عہدیداروں اور صحافی کارکن موجود تھے۔

غریب گھرانے کی بیٹی کی گوجرانوالہ انٹرمیڈیٹ میں پہلی پوزیشن



حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حافظ آباد کا اعزاز: غریب گھرانے کی بیٹی کی گوجرانوالہ انٹرمیڈیٹ میں پہلی پوزیشن، حکومت پنجاب ہونہار طلبا پر مہربان ہوگئی۔ گوجرانوالہ انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والی طالبہ فاخرہ کو وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے 5 لاکھ روپے انعام اور سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا۔ طالبہ کا کہنا تھا کہ میں وزیر اعلیٰ پنجاب کی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے طالبات کو تعلیم میں پوزیشن حاصل کرنے پر انعام سے نوازا۔

جہلم میونسپل کمیٹی میں نگہبان رمضان پیکیج کی رجسٹریشن کیلئے آبیوالی خواتین دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم میونسپل کمیٹی میں نگہبان رمضان پیکیج کی رجسٹریشن کیلئے آبیوالی خواتین دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور، خواتین کی دہائی وزیر اعلیٰ مریم نواز نواز شریف سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کے حکم پر رمضان نگہبان پیکیج کی رجسٹریشن ایم سی جہلم میں جاری ہے جس کیلئے میونسپل کمیٹی جہلم دفتر میں کیمپ آفس قائم کیا گیا ہے یہاں رجسٹریشن کروانے کیلئے آبیوالی خواتین کا کہنا تھا وہ صبح سویرے چھوٹے چھوٹے بچوں کو گھروں میں چھوڑ کر رجسٹریشن کروانے کی غرض سے آ کر لائنوں میں کھڑی ہو جاتی ہیں

طبی مہارت اور اعلیٰ ذوق کی وجہ سے ہر شعبہ کی خواتین میں دلعزیز ہیں

ڈاکٹر شاہینہ کی کلاس فلوز اور سٹوڈنٹس کی اس پارٹی میں پرجوش شمولیت: ڈاکٹر نگہت



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈاکٹر شاہینہ میڈیسن میں طبی مہارت اور اعلیٰ ذوق کی وجہ سے ہر شعبہ کی خواتین میں دلعزیز ہیں ان خیالات کا اظہار معروف شاعرہ اور محقق ڈاکٹر نگہت خورشید نے گزشتہ روز ڈاکٹر شاہینہ کی حسین برتھ ڈے پارٹی میں کیا انھوں نے کہا کہ ڈاکٹر شاہینہ نہ صرف کائنی کی ماہر ہیں بلکہ ہر دلعزیز سماجی شخصیت بھی ہیں جنھوں نے روٹری کلب کے پلیٹ فارم سے ملکی خواتین کی بیرون ممالک میں نمائندگی کی ہر سے وہ ادیبوں اور شاعروں میں بھی یکساں مقبول ہیں آپ انجمن ترقی ادب کی انگریزی سوسائٹی کی چیئرمین ہیں اور ہر سال شاعر و ادیبوں میں ایوارڈز تقسیم کرتی ہیں سالگرہ کی اس تقریب میں لاہور اسلام آباد اور دوسرے شہروں سے پانچ سو کے قریب خواتین ڈاکٹرز پروفیسر سماجی کارکن نے شرکت کی ڈاکٹر شاہینہ کی کلاس فلوز اور سٹوڈنٹس کی اس پارٹی میں پرجوش شمولیت ظاہر کرتی ہے کہ وہ ایک ملنسار اور زندہ دل متحرک خاتون ہیں دیسی میڈم کے عنوان سے اس حسین پارٹی میں خواتین نے اپنے اپنے انداز سے انگریزی ہیٹ پہن کر خوش ذوقی کا مظاہرہ کیا اور ڈاکٹر شاہینہ کی درازی عمر اور خوشگوار زندگی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا مختلف گروپس نے دیسی اور انگریزی انداز میں حاضرین کو محظوظ کیا ان خیالات کا اظہار معروف شاعرہ اور محقق ڈاکٹر نگہت نے گزشتہ روز ڈاکٹر شاہینہ کی حسین برتھ ڈے پارٹی میں کیا

گیمبر ضلعی انتظامیہ اور مطالقہ محکموں کی نااہلی، پمپ مافیا بے لگام

ساہیوال ضلعی انتظامیہ ان پمپ مالکان کیخلاف کارروائی کرے اور لگام ڈالے

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) گیمبر ضلعی انتظامیہ اور مطالقہ محکموں کی نااہلی کی وجہ سے گیمبر قادر آباد اور اس کے گرد و نواح میں پٹرول پمپ مافیا بے لگام سونے کے ریٹ میں پلٹنے والا ڈیزل اور پٹرول کم پیمانے کے ساتھ سیل کرنے لگے وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور مطالقہ محکموں کے نااہل افسران کی وجہ سے گیمبر قادر آباد نور شاہ بگڑی پل یوسف والا اور اس کے گرد و نواح میں پٹرول پمپ مافیا بے لگام پٹرول پمپ مالکان کم پیمانے کے ساتھ ڈیزل اور پٹرول سیل کرنے لگے ایک لیٹر پٹرول کے پیسے لے کر 900 ایم ایل دینے لگے علاقہ بھر کے شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے لگے جس کی وجہ سے عوام شدید پریشان لیکن بدقسمتی سے پٹرول پمپ مافیا کے خلاف کارروائی کرنے والا کوئی نہیں ضلعی انتظامیہ تمام افسران نے اپنی آنکھیں بند کر کے سب اوکے کی رپورٹ پیش کرنا شروع کر دی علاقہ بھر کی عوام پٹرول پمپ مافیا کے رحم و کرم پر گیمبر قادر آباد کی عوام کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز چیف سیکرٹری پنجاب کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گیمبر قادر آباد اور اس کے گرد و نواح میں بے لگام پٹرول پمپ مافیا کو لگام دینے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

معروف ماہر تعلیم ماسٹر رانا محمد یوسف کی پانچویں سالانہ برسی ڈیرہ ماسٹر محمد یوسف پر منعقد ہوئی

نامور علماء کرام اور ثناء خوان مصطفی نے بارگاہ رسالت میں ہدیہ عقیدت کے پھول نچھاور کیے

ماہر تعلیم ماسٹر رانا محمد یوسف کی پانچویں سالانہ برسی ڈیرہ ماسٹر محمد یوسف پر منعقد ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق سالانہ برسی کی تقریب میں ممتاز مذہبی سکالر علامہ محب النبی طاہر، شہنشاہ نقابت اشفاق زائر قادری، پروفیسر عبدالحمید کوکب سیکرٹری جنرل تحفظ ختم نبوت ایمرا چوہدری محمد رمضان، صدر ایمرا سید سلمان گیلانی، جنرل سیکرٹری طارق علی رانا، جنرل سیکرٹری پرنٹ میڈیا رپورٹر ایسوسی ایشن ایمرا انکانہ رانا رفاقت علی انجم، سینئر نائب صدر پرنٹ میڈیا حکیم ریاض احمد، ممبر ایمرا شوکت علی انصاری نصیب ملک، چوہدری رضوان گجر، چوہدری محمد عرفان گجر، ملک محمد جعفر، حافظ نوید لمبوہ، نثار مستانہ، نواز سیخ پریس، سابق سی او میتلتھ اظہر امین، پیر ابرار شاہ ضلعی صدر میتلتھ سپورٹ سٹاف نوابد حسین جٹ سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر قرآن خوانی کی گئی اور نامور علماء کرام اور ثناء خوان مصطفی نے بارگاہ رسالت میں ہدیہ عقیدت کے پھول نچھاور کیے، پروفیسر علامہ محب النبی طاہر نے والدین کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ دنیا میں والدین کا کوئی نعم البدل نہیں۔ اسلام نے والدین کی اہمیت پر بہت زور دیا ہے جن کے والدین حیات ہیں انھیں چاہیے کہ وہ زیادہ سے زیادہ خدمت کر کے خوشنودی حاصل کریں۔ ماسٹر رانا محمد یوسف مرحوم حق اور سچ کا پرچار×× رہے۔

کشمیریوں کے ساتھ یکجہتی کے لئے ریلی ختم نبوت چوک سے سیالکوٹ روڑ تک ریلی

اقوام متحدہ کی قرارداد کے مطابق حق خود ارادیت دیں وکلاء نے بس نرز اٹھار کھے تھے ظلم کے ضابطے ہم نہیں مانتے کشمیریوں کو حق آزادی دو دنیا کے منصفو کشمیر تو جو چاہتے ہے



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن گوجرانوالہ اور رہبر لائرز فورم کے زیر اہتمام کشمیریوں کے ساتھ یکجہتی کے لئے ریلی ختم نبوت چوک سے سیالکوٹ روڑ تک نکالی گی جس کی قیادت صدر بار چوہدری شرافت علی ناہرہ، سکڑی بار جنرل راجہ عبدالمقیت ایڈووکیٹ اور چیئرمین رہبر لائرز فورم چوھدری پرویز شا کر گجر ایڈووکیٹ نے کی ریلی سے وحید الحق حاشمی ایڈووکیٹ، ڈاکٹر سلیم خان ایڈووکیٹ صدر رہبر لائرز فورم اور دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے بھارتی فوج کی کشمیریوں پر ہونے والے مظالم کی بھرپور مذمت کی کشمیریوں پر ہونے والے مظالم کی بھرپور مذمت کی اور اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی تنظیموں سے مطالبہ کیا کے کشمیر انسانیت سوز مظالم کو بند کروائیں اور اقوام متحدہ کی قرارداد کے مطابق حق خود ارادیت دیں وکلاء نے بس نرز اٹھار کھے تھے ظلم کے ضابطے ہم نہیں مانتے کشمیریوں کو حق آزادی دو دنیا کے منصفو کشمیر تو جو چاہتے ہے مقررین نے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ کشمیر آزاد ہو کر رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی فوج کا کشمیریوں پر ہونے والے مظالم کی بھرپور مذمت کی۔

ظفروال ڈاکٹر رانا راحت جاوید ایم ایس ٹی ایچ کیو نے چارج سنبھال لیا

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق ٹی ایچ کیو ہسپتال ظفروال کے ایم ایس ڈاکٹر ابوزر غفاری کی جگہ تعینات ہونے والے نئے ایم ایس ٹی ایچ کیو ڈاکٹر رانا راحت جاوید نے گذشتہ روز چارج سنبھال لیا ٹی ایچ کیو ہسپتال ظفروال پہنچنے پر ٹی ایچ کیو ہسپتال کے ڈاکٹر ابوزر غفاری اور عملہ نے ان کا استقبال کیا پھولوں کے گلدستے پیش کیے اور پھول کی پتیاں نچھاور کی گئیں۔ ڈی ایچ کیو ہسپتال نارووال کے ایم ایس ڈاکٹر افضال سلہری بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈاکٹر رانا راحت جاوید اس سے پہلے ڈی ایچ کیو ہسپتال نارووال میں ڈی ایم ایس تعینات تھے

ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال کا گورنمنٹ ایم ایس گرلز ایلیمنٹری سکول میں لائبریری کا افتتاح

نصابی اور ہم نصابی کتابوں، نیوز پیپرز سمیت پینٹنگ کے سہولیات کا جائزہ لیا



قوت (بیورو خواجہ عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال کا گورنمنٹ ایم ایس گرلز ایلیمنٹری سکول میں لائبریری کا افتتاح، نصابی اور ہم نصابی کتابوں، نیوز پیپرز سمیت پینٹنگ کے سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے کہا کہ لائبریری سکولوں کا اہم جز ہے اس کے بدولت بچوں میں کتب بینی کا شوق اجاگر ہوتا ہے اور ان مین شعور اور وجدان کو توانائی ملتی ہے۔ انہوں نے یہ امر قابل تعریف ہے کہ اپنی مدد آپ کے تحت بچوں کو خوبصورت لائبریری کی سہولت فراہم کی گئی۔ انہوں نے بچوں پر زور دیا کہ وہ کتاب سے اپنا رشتہ مضبوط بنائیں اور لائبریری میں رکھی کتابوں کو پڑھے اور اپنے مستقبل کی راہیں تلاش کریں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور انفارمیشن ٹیکنالوجی کا ہے کیونکہ کمپیوٹر ایجوکیشن کے بغیر کسی بھی فیلڈ میں آگے نہیں بڑھا جا سکتا۔ انہوں نے کلاس رومز میں بچوں سے سبق سنتے ہوئے ہدایت کی کہ بچے اپنے آپ کو محفوظ رکھنے کیلئے بجلی، گیس کے آلات سے چھیڑ خوانی نہ کریں ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کیلئے خود بھی صاف رہیں۔ اس موقع سی ای او ایجوکیشن مجاہد حسین علوی، ڈپٹی ڈی ای او ویرونیکا عمران، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر سلسبیل افتخار چیمہ، ہیڈ مسٹریس رفعت یاسمین بھی موجود تھے۔

ہیومن رائٹس ایجوکیشنل ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد

قائد اعظم محمد علی جناح نے کشمیر کو پاکستان کی شہہ رگ قرار دیا تھا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ہیومن رائٹس ایجوکیشنل ویلفیئر سوسائٹی کونسل رجسٹرڈ کے زیر اہتمام 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں شہر بھر کی مختلف سماجی سیاسی تجارتی وکلا تنظیموں کے رہنماؤں رضوان الحق چوہان، سید نور حسن شاہ، الطاف حسین ملک، ڈاکٹر انوار مہدی، شیخ محمد اقبال، ڈاکٹر خالد یاسین، راجہ ریاض احمد خان، شاہد وقار سلارہ، شورش آزاد، رانا شہزاد اقبال، وقار گھمن، چوہدری اللہ رکھا، ملک سردار نصر اللہ آزاد، حاجی غلام رسول، ارشد جمیل چدھڑ، ناصر تیمی، اللہ دتہ آہیر، جنرل سیکریٹری ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن امتیاز تاج ایڈووکیٹ، ملک اشرف گلوٹر ایڈووکیٹ، ارشاد مہیم ایڈووکیٹ، حنیف مغل، جہانگیر چنیوٹی، بابر منیر و دیگر سماجی سیاسی تجارتی شخصیات نے شرکت کی تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہوا سٹیج سیکریٹری کے فرائض ڈاکٹر خالد یاسین نے سرانجام دیئے تقریب سے شرکاء نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار بھی کیا اس موقع پر صدر شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ نے کشمیری عوام کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ پانچ فروری قاضی حسین احمد نے 1990 میں ہاتھوں کی زنجیر بناتے ہوئے کوہالہ سے لیکر اسلام آباد تک کشمیر کے مظلوم عوام سے یک جہتی کا اظہار کیا۔

شیڈول کے باوجود سوئی گیس کی بندش جاری: شہری پریشان

بھاری بلز جمع کروانے کے باوجود گیس نہیں ملتی، کدھر جائیں شہریوں کا شکوہ

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) شیڈول کے باوجود سوئی گیس کی بندش جاری اہل علاقہ شدید پریشان بھاری بلز جمع کروانے کے باوجود گیس نہیں ملتی کدھر جائیں شہریوں کا شکوہ تفصیل کے مطابق محکمہ سوئی گیس کی جانب سے شیڈول فراہم کیے جانے کے باوجود نارنگ منڈی میں بدترین بندش جاری ہے کھانا پکانے کے اوقات میں گیس نہ ہونے سے شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے شہریوں کا کہنا ہے کہ بھاری بل ادا کرنے کے باوجود سوئی گیس میسر نہیں ہے مہینے کی جمع پونجی ڈبل اخراجات ادا کرنے میں گزر جاتی ہے گیس کا بل دیں یا ایندھن کے متبادل ذرائع خریدیں مشکلات بڑھ گئی ہیں غدارا رحم کریں اور شیڈول کے مطابق سوئی گیس مہیا کریں تا کہ دو وقت کا کھانا کھا سکیں حکومتی نمائندے نوٹس لیتے ہوئے گیس کا پریشر بحال کروائیں۔

شہر کی معروف رہائشی آبادی مبارک کالونی کے مکین گندے پانی کے دیرینہ مسئلے سے شدید پریشانی کا شکار ہیں

گزشتہ کئی ماہ سے گلیوں میں سیوریج کا پانی کھڑا ہونے کی وجہ سے نہ صرف روزمرہ زندگی متاثر ہو رہی ہے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) شہر کی معروف رہائشی آبادی مبارک کالونی کے مکین گندے پانی کے دیرینہ مسئلے سے شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ گزشتہ کئی ماہ سے گلیوں میں سیوریج کا پانی کھڑا ہونے کی وجہ سے نہ صرف روزمرہ زندگی متاثر ہو رہی ہے بلکہ علاقے میں مختلف بیماریاں بھی پھیلنے کا خدشہ ہے۔ علاقہ مکین کا کہنا ہے کہ سیوریج سسٹم کی ناقص صورتحال اور انتظامیہ کی عدم توجہی کے باعث علاقے میں پانی کا نکاس ممکن نہیں ہو پا رہا گلیاں جوہڑ کا منظر پیش کرنے لگتی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بچے اور بزرگ بھی شدید متاث

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

30 سال بعد ہارس اینڈ کیٹل شو کا انعقاد

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے اعلان کے تحت پنجاب حکومت عالمی معیار کا ہارس اینڈ کیٹل شو منعقد کرنے جا رہی ہے جس کا افتتاح وزیراعلیٰ 9 فروری کو کریں گی۔ ہارس اینڈ کیٹل شو 2025ء کا عنوان 'اتحاد، ترقی اور ثقافت کی بحالی' ہے۔ 10 فروری سے شروع ہونے والے شو میں 70 بین الاقوامی ٹیموں کی شرکت سے ہونے والا ہارس اینڈ کیٹل شو 9 سے 23 فروری تک لاہور کے مختلف مقامات پر منعقد ہوگا۔ شو میں نیزہ بازی، تیراندازی، بزکشی، پولو کے مقابلے ہوں گے۔ ثقافتی تہوار، پھولوں کی نمائش اور آرائش گل کے مقابلے بھی ہوں گے۔ اس حوالے سے مریم نواز نے کہا ہے کہ ہارس اینڈ کیٹل شو کسانوں سمیت پنجاب کے ہر طبقے کے لوگوں کے لیے تحفہ ہے۔ گھوڑوں اور پالتو جانوروں کے میلے پنجاب کی ثقافت اور زراعت دونوں کے فروغ کا باعث بنیں گے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی طرف سے میلہ مویشیاں کا انعقاد کرانا واقعی ایک اچھا فیصلہ ہے۔ موجودہ ماحول میں ایسی تفریحی اور صحت مندانہ سرگرمیاں ہوتی رہنی چاہئیں۔ اس میلے کے ذریعے ایک طرف پنجاب کی ثقافت اور تمدن کو فروغ ملے گا اور دوسری جانب بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا مثبت چہرہ پیش کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ علاوہ ازیں، یہ میلہ پنجاب کے شہروں، قصبوں اور دیہات میں بسنے والے لوگوں کو ماضی کی ان یادگار تفریحی سرگرمیوں سے جوڑنے میں معاون ثابت ہوگا جو تین دہائیوں کے طویل تعطل کی وجہ سے قصہ پارینہ بن چکی تھیں۔ پنجاب حکومت کو چاہیے کہ وہ ہر سال اس میلے کے انعقاد کو یقینی بنائے۔ اس کے علاوہ پنجاب کے یومِ ثقافت کے حوالے سے یہ فیصلہ کیا جانا چاہیے کہ رمضان المبارک کے احترام اور تقدس کے پیش نظر اگر آئندہ دو برس کے لیے اسے 14 مارچ کی بجائے کسی اور تاریخ کو منا لیا جائے تو کیا یہ بہتر نہیں ہوگا؟ یہ میلہ پنجاب حکومت عالمی معیار کا ہارس اینڈ کیٹل شو منعقد کرنے جا رہی ہے جس کا افتتاح وزیراعلیٰ 9 فروری کو کریں گی۔ ہارس اینڈ کیٹل شو 2025ء کا عنوان 'اتحاد، ترقی اور ثقافت کی بحالی' ہے۔ 10 فروری سے شروع ہونے والے شو میں 70 بین الاقوامی ٹیمیں بھی حصہ لیں گی۔ بین الاقوامی ٹیموں کی شرکت سے ہونے والا ہارس اینڈ کیٹل شو 9 سے 23 فروری تک لاہور کے مختلف مقامات پر منعقد ہوگا۔ شو میں نیزہ بازی، تیراندازی، بزکشی، پولو کے مقابلے بھی ہوں گے۔ ثقافتی تہوار، پھولوں کی نمائش اور آرائش گل کے مقابلے بھی ہوں گے۔ اس حوالے سے مریم نواز نے کہا ہے کہ ہارس اینڈ کیٹل شو کسانوں سمیت پنجاب کے ہر طبقے کے لوگوں کے لیے تحفہ ہے۔ گھوڑوں اور پالتو جانوروں کے میلے پنجاب کی ثقافت اور زراعت دونوں کے فروغ کا باعث بنیں گے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی طرف سے میلہ مویشیاں کا انعقاد کرانا واقعی ایک اچھا فیصلہ ہے۔ موجودہ ماحول میں ایسی تفریحی اور صحت مندانہ سرگرمیاں ہوتی رہنی چاہئیں۔ اس میلے کے ذریعے ایک طرف پنجاب کی ثقافت اور تمدن کو فروغ ملے گا اور دوسری جانب بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا مثبت چہرہ پیش کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ علاوہ ازیں، یہ میلہ پنجاب کے شہروں، قصبوں اور دیہات میں بسنے والے لوگوں کو ماضی کی ان یادگار تفریحی سرگرمیوں سے جوڑنے میں معاون ثابت ہوگا جو تین دہائیوں کے طویل تعطل کی وجہ سے قصہ پارینہ بن چکی تھیں۔ پنجاب حکومت کو چاہیے کہ وہ ہر سال اس میلے کے انعقاد کو یقینی بنائے۔ اس کے علاوہ پنجاب کے یومِ ثقافت کے حوالے سے یہ فیصلہ کیا جانا چاہیے کہ رمضان المبارک کے احترام اور تقدس کے پیش نظر آئندہ دو برس کے لیے اسے 14 مارچ کی بجائے کسی اور تاریخ کو منا لیا جائے

بے نیازی



خالقِ کائنات جب کسی خطے پر مہربان ہوتا ہے تو وہاں پر غیر معمولی صفات کے حامل شخص کو سورج کی طرح طلوع کرتا ہے اور پھر اس غیر معمولی انسان کے کردار اور علم کے نور سے جہالت میں غرق انسانیت صدیوں پرانے رنگ و نور میں ڈھالتی ہے خوش قسمت ہوتے ہیں وہ لوگ یا خطہ جہاں خدائے بزرگ برتر ایسے انسانوں کو انعام کے طور پر دنیا میں ایسا ہی ایک دور یونان پر بھی آیا جب یونان دنیا بھر کی فکری و تہذیبی سیاسی و عسکری امامت کے منصب پر فائز تھا یونان میں ایک سے بڑھ کر ایک غیر معمولی انسان پیدا ہو رہا تھا ان میں سیاستدان مفکر جنگجو فلاسفر ریاضی دان اور صوفی ایک سے بڑھ کر ایک انسان شامل تھا اور پھر خدا نے تاریخ انسانی کا بے نیاز اور متوکل انسان پیدا کیا دیوجانس کلبی افسانوی شہرت کا حامل مجذوب فلسفی وہ آنکھوں سے محروم لیکن دل و دماغ سے روشن تھا اس کا ساتھی ایک کتا تھا جو اس کی راہنمائی کرتا اسی وجہ سے لوگ اسے کلبی کہتے تھے اس کی زندگی کے شب و روز زیادہ تر غور و فکر بے خودی کے عالم میں گزرتے وہ اپنے من میں جھانکنے کا آرٹ جانتا تھا اس نے من کی دنیا کو دریافت کر لیا تھا وہ دنیا میں رہتا ضرور تھا لیکن دنیا اس میں نہیں تھی نہ خود محلس آرائی کرتا اور نہ ہی کسی محفل کی رونق بنتا وہ اپنی تنہائی سے انجمن کا لطف لیتا وہ جذب کی مستی سے سرور لیتا ہر وقت عالمِ جذب و کیف کا لطف اٹھاتا ایک مٹی کا ٹب تھا جو اس کا گھر تھا اسی ٹب میں بیٹھے بیٹھے زندگی گزار دی اگر کوئی چل کر آجاتا تو اسے دانش و حکمت کا نور عطا کر دیتا ورنہ کسی کو بلا کر اپنے علمی مقام و مرتبے سے روشناس کرنے کی حماقت نہ کرتا اس کے ہر عمل سے بے غرضی بے نیازی ہی چھلکتی تھی ایک دن دوپہر کے وقت ہاتھ میں چراغ لے کر شہر کی گلیوں میں گھوم رہا تھا کسی نے دریافت کیا تو بولا میں انسانوں کے ہجوم میں حقیقی انسان کو تلاش کر رہا ہوں یہی وہ دور تھا جب ارسطو نے انسان کے بارے میں اپنا مشہور فلسفہ دیا تھا ارسطو کے بقول انسان ایسا جانور ہے جو دو ٹانگوں پر چلتا ہے اور اس کی قامت سیدھی ہے کیونکہ یہ علمی بیداری کا دور تھا اِس لیے ارسطو کا یہ فلسفہ شہر کے کونے کونے میں گونج رہا تھا جہاں دو لوگ جمع ہوں وہ ارسطو کے اِس فلسفے پر بات شروع کر دیتے ارسطو کے علم کے چرچے ہر زبان پر تھے ایک دن بے نیاز مجذوب ارسطو کی محفل میں آیا سامنے بیٹھا ایک مرغ نکالا مرغ کو زمین پر کھڑا کیا مرغ کی ٹانگیں زمین پر لگائیں دوسرے ہاتھ سے مرغ کی گردن پکڑ کر اس کی چونچ کو کھینچ کر اوپر کی طرف کیا اور کہا یہ ہے تمہارا انسان کیونکہ دیوجانس کلبی کا قلب و باطن روشن ہو چکا تھا اِس لیے وہ کسی حد تک توحید پرست بھی تھا اس کے بقول کائنات کی تمام چیزیں دیوتاں نے بنائی ہیں تو ان دیوتاں کو کس نے بنایا ہے جس نے اِن دیوتاں کو بنایا ہے وہ دراصل اِس کائنات کا حقیقی اکلوتا خالق ہے اور میں اسی خالق و مالک کو مانتا ہوں حقیقی خوشی کے بارے میں کلبی کا خیال یہ تھا کہ مادیت پرستی میں آپ جتنا غرق ہوتے جائیں گے اتنے ہی آپ حقیقی باطنی خوشی سے محروم ہوتے جائیں گے دنیا اور دنیا کا مال انسان کو حقیقی خوشی سے ہمکنار ہونا چاہتا ہے تو اسے دنیا اور دنیا کی دولت سے کنارہ کشی اختیار کرنی ہوگی انسان کی خوشی کا تعلق اس کی آزادی بے نیازی سے ہے ہمارے بیوی بچے گھر بار رشتے دار لوگ قوانین ضابطے رسم و رواج ہی ہماری خوشی کے راستے میں رکاوٹ ہیں انسان اگر حقیقی آزادی اور خوشی چاہتا ہے تو اسے اِن سب سے آزادی حاصل کرنا ہوگی انہیں چھوڑنا ہوگا انسان کی ضروریات بہت تھوڑی ہیں لیکن انسان نے اپنی ضروریات کو بہت زیادہ پھیلا لیا ہے حقیقی فاتح وہ نہیں جو اپنے اندر کے خوف کو شکست دے اپنے اندر کی رزائل کو ختم کرے اپنے اندر کی کثافت کو لطافت میں بدل دے کلبی نے دنیا سے کنارہ کشی کے لیے جنگل میں رہائش اختیار کر لی لوگوں سے پوچھا تمہیں جنگل کے جانوروں سے ڈر نہیں لگتا تو قہقہہ لگا کر بولا انسانوں کو انسان سے خطرہ ہے جانوروں سے نہیں انسان ایک دوسرے کے لیے زہر آلودہ ہیں اِن کے زہر سے بچو انسان کی درندگی ہزار درندوں پر بھاری ہے دنیا سے بے نیازی کا یہ عالم تھا کہ صرف ایک مٹی کا پیالہ اس کے پاس تھا جس سے وہ پانی پیتا اسی پیالے کو پیٹ بنا لیتا ایک دن اپنے شاگرد کے ساتھ ندی پر پانی پینے گیا وہاں پر ایک جانور آیا ندی کے پانی میں منہ رکھا پانی پیا اور واپس چلا گیا شاگرد نے یہ سارا منظر اور جانور کی حرکات اپنے محترم استاد کو بتائیں تو کلبی نے آہ بھری اور کہا اوتلف ہو تم پر ایک جانور تو کل میں تم سے آگے بڑھ گیا ہے تم ابھی تک خود کو ایک پیالے کی محتاجی سے آزاد نہیں کر سکے اسی وقت پیالا زمین پر مار کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے پیالے کے ٹکڑے ندی میں پھینک کر پیالے کی غلامی سے بھی آزاد ہو گیا دیوجانس کلبی بلاشبہ فطرت کا مسافر تھا سارا دن جنگل میں گھومتا فطرت کے ساتھ زندگی گزارتا شام کو اپنے کچے مٹی کے ٹب پر آ کر لیٹ کر مراقب ہو جاتا مراقبے کی لذت سے لطف اندوز ہوتا ایک شدید سردی میں سورج کی گرم کرنوں سے لطف اندوز ہو رہا تھا کہ شہر کا سرکاری ہرکارہ اس کے پاس آتا ہے اور اطلاع دیتا ہے کہ سکندر پوری دنیا کو فتح کر کے واپس آ رہا ہے کلبی نے ادائے بے نیازی سے سنا مسکرایا اور ایسا فقرہ بولا جو قیامت تک اس کی پہچان بن گیا اسی ایک فقرے نے پانچ ہزار سال بعد بھی کلبی کو زندہ رکھا ہے اس نے کہا انسان قناعت پسند ہو تو وہ مٹی کے ٹب میں بھی خوش رہ سکتا ہے اور اگر وہ لالچی ہو جائے تو پوری کائنات اگر اس کی جھولی میں ڈال دی جائے تو وہ بھی کم ہے محترم قارئین آج جب وطن عزیز کے دولت مندوں اور حکمرانوں کو دیکھتا ہوں تو ان پر ترس آتا ہے جن کے پاس غلاموں کی فوج پروٹوکول گاڑیوں کی لمبی قطاریں شاہی محلوں جیسے بنگلے فارم ہاسز کروڑوں کے بنک اکاؤنٹ سونے چاندی کے زیورات کی بھرمار دنیا جہاں کی ہر نعمت موجود ہونے باوجود کرپشن ختم نہیں ہو رہی کبھی کوئی نوجوان تو کبھی ادھیڑ عمر کا شخص ہر عمر ہر طبقے کے لوگ کہہ رہے ہیں کہ ہم اُن سے شادی کے لیے تیار ہیں۔ کسی نے سچ کہا ہے (خدا جانے کس نے) کہ کچھ مردوں کے لیے عورت کا عورت ہونا ہی کافی ہوتا ہے۔ دیکھا جائے تو اس قسم کے واقعات معمول بن چکے ہیں۔ جبکہ یہ بھی حقیقت ہے کہ ایسی عورتیں جو خاوند کے ہوتے ہوئے کسی دوسرے شخص کے لیے اپنا گھر چھوڑ دیتی ہیں یا ایسی عورتیں جو کسی بھی طریقے سے دوسرے شخص سے شادی کرتی ہیں، ہمیشہ ذلیل و خوار ہوتی ہیں۔ پھر چاہے سونے کے تاج پہنو یا ہیرے جواہرات سے بنے تخت پر بیٹھو، ذلت انسان کا مقدر بن جایا کرتی ہے۔ ایسے مرد اور عورتیں کبھی بھی عزت حاصل نہیں کر پاتیں، اُن کی یہ بھی بھول ہوتی ہے کہ خود کو یہ سمجھ لینا کہ ہم عزت کے مقام پر پہنچ گئے ہیں۔ کبھی بھی عزت کسی سے کہلوا کر نہیں حاصل کی جاتی۔ معاشرے میں رہنے کے لیے عزت کمانا پڑتی ہے۔ اور عزت کمانے کے لیے اپنے اعمال کو درست کرنا پڑتا ہے، اپنے مفاد کو پس پشت ڈالنا پڑتا ہے، دوسروں کے لیے قربانی دینا پڑتی ہے، پھر وہ قربانی، خواہ وہ خواہشات کی ہو یا جذبات کی، اپنے اندر سے سب کچھ ختم کرنا پڑتا ہے۔ تب کہیں جا کر آپ عزت کما پاتے ہیں۔ اور اُس کے لیے صرف ایک شخص کی دہلیز ہوتی ہے۔ جو مرد اور عورت ہر روز نئے ساتھی کی تلاش میں رہتے ہیں وہ کبھی عزت نہیں پا سکتے۔ کیونکہ مرد کے دل سے اُتر جانے والی عورت، دوسرے مرد کے بستر پر تو جگہ بنا سکتی ہے، لیکن اُس کے دل میں نہیں۔ اور یہی بات مردوں پر بھی لاگو ہوتی ہے"۔ "جو مرد ہر دوسری عورت کے پیچھے جاتا ہے وہ کبھی عورت کے دل میں جگہ نہیں بنا سکتا۔ وہ آپ کے ساتھ رہے گی تو سہی مگر وہ عزت اور مقام مرد کو نہیں دے گی۔ اگر ایسے مرد کے لیے عورت یہ کہتی ہے کہ نہیں وہ اُس کی دل سے عزت کرتی ہے تو وہ اپنے مفاد کے لیے کہہ لیجیے یا لگژری لائف کے لیے کہہ لیجیے، وہ جھوٹ بولتی ہے۔ ایسی غلطی کبھی مت کریں خاص طور سے عورت یہ غلطی نہ کرے کیونکہ مرد جیسا بھی ہو پھر بھی بحیثیت شوہر "مجازی خدا" کا درجہ رکھتا ہے۔ میری ماں اکثر کہتی تھیں کہ "عورت کو صبر اور برداشت سے کام لینا چاہیے۔" کیونکہ ہم جس معاشرے میں رہتے ہیں، مرد چاہے کوٹھے پر رات گزار کر آ جائے، اُسے کوئی کچھ نہیں کہتا مگر عورت کی معمولی سی غلطی بھی ناقابلِ معافی جرم بن جایا کرتا



ہے۔ معاشرے کا اپنا ایک ماحول ہوتا ہے، ہم اسی معاشرے میں زندگی گذارتے ہیں۔ ہم معاشرتی اقدار کو کسی صورت بدل نہیں سکتے۔ اور نہ ہی ہم معاشرے کو بدل سکتے ہیں، ہماری سوچ و فکر کی بدولت ہمارا معاشرہ پستی کی طرف رواں دواں ہے، اس امریکن خاتون کی دماغی حالت کو دیکھتے ہوئے اس کے ساتھ تعاون کرنا چاہئے تھا لیکن لوگوں نے سوشل میڈیا پر مذکورہ خاتون کا تماشا لگا کر رکھ دیا ہے، خاتون امریکن ہو یا برطانوی اس کی عزت و تکریم ہم پر فرض ہے۔ نوجوان کو چاہئے تھا کہ وہ چھپنے کی بجائے سامنے آتا اور اس مسئلہ کو خوش اسلوبی سے حل کر کے خاتون کو واپس امریکہ بھیج دیا جاتا۔ ہماری نامناسب سوچ و فکر نے معاشرتی اعلیٰ اقدار کا جنازہ نکال کر رکھ دیا ہے، ہمیں تھوڑا صبر و تحمل کا مظاہرہ کرنا چاہئے، بہتر معاشرے کی تشکیل کیلئے ہمیں اپنی سوچ کو بدلنا ہوگا، دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ سب کو عقل اور سمجھ عطا فرمائے (آمین)۔ حال ہی میں امریکہ سے انیجا نامی خاتون اپنے شوہر اور بچوں کو چھوڑ کر پاکستان آئی ہیں خاتون کا کراچی کے ایک نوجوان کے ساتھ سوشل میڈیا کے ذریعے رابطہ رہا۔ جس کے نتیجے میں مذکورہ خاتون شادی کے سلسلے میں سات سمندر پار سے یہاں آن پہنچی۔؟ آئے روز کوئی نہ کوئی پوسٹ دیکھنے کو ملتی ہے کبھی کوئی نوجوان تو کبھی ادھیڑ عمر کا شخص ہر عمر ہر طبقے کے لوگ کہہ رہے ہیں کہ ہم اُن سے شادی کے لیے تیار ہیں۔ کسی نے سچ کہا ہے (خدا جانے کس نے) کہ کچھ مردوں کے لیے عورت کا عورت ہونا ہی کافی ہوتا ہے۔ دیکھا جائے تو اس قسم کے واقعات معمول بن چکے ہیں۔ جبکہ یہ بھی حقیقت ہے کہ ایسی عورتیں جو خاوند کے ہوتے ہوئے کسی دوسرے شخص کے لیے اپنا گھر چھوڑ دیتی ہیں یا ایسی عورتیں جو کسی بھی طریقے سے دوسرے شخص سے شادی کرتی ہیں، ہمیشہ ذلیل و خوار ہوتی ہیں۔ پھر چاہے سونے کے تاج پہنو یا ہیرے جواہرات سے بنے تخت پر بیٹھو، ذلت انسان کا مقدر بن جایا کرتی ہے۔ ایسے مرد اور عورتیں کبھی بھی عزت حاصل نہیں کر پاتیں، اُن کی یہ بھی بھول ہوتی ہے کہ خود کو یہ سمجھ لینا کہ ہم عزت کے مقام پر پہنچ گئے ہیں۔ کبھی بھی عزت کسی سے کہلوا کر نہیں حاصل کی جاتی۔ معاشرے میں رہنے کے لیے عزت کمانا پڑتی ہے۔ اور عزت کمانے کے لیے اپنے اعمال کو درست کرنا پڑتا ہے، اپنے مفاد کو پس پشت ڈالنا پڑتا ہے، دوسروں کے لیے قربانی دینا پڑتی ہے، پھر وہ قربانی، خواہ وہ خواہشات کی ہو یا جذبات کی، اپنے اندر سے سب کچھ ختم کرنا پڑتا ہے۔ تب کہیں جا کر آپ عزت کما پاتے ہیں۔ اور اُس کے لیے صرف ایک شخص کی دہلیز ہوتی ہے۔ جو مرد اور عورت ہر روز نئے ساتھی کی تلاش میں رہتے ہیں وہ کبھی عزت نہیں پا سکتے۔ کیونکہ مرد کے دل سے اُتر جانے والی عورت، دوسرے مرد کے بستر پر تو جگہ بنا سکتی ہے، لیکن اُس کے دل میں نہیں۔ اور یہی بات مردوں پر بھی لاگو ہوتی ہے"۔ "جو مرد ہر دوسری عورت کے پیچھے جاتا ہے وہ کبھی عورت کے دل میں جگہ نہیں بنا سکتا۔ وہ آپ کے ساتھ رہے گی تو سہی مگر وہ عزت اور مقام مرد کو نہیں دے گی۔ اگر ایسے مرد کے لیے عورت یہ کہتی ہے کہ نہیں وہ اُس کی دل سے عزت کرتی ہے تو وہ اپنے مفاد کے لیے کہہ لیجیے یا لگژری لائف کے لیے کہہ لیجیے، وہ جھوٹ بولتی ہے۔ ایسی غلطی کبھی مت کریں خاص طور سے عورت یہ غلطی نہ کرے کیونکہ مرد جیسا بھی ہو پھر بھی بحیثیت شوہر "مجازی خدا" کا درجہ رکھتا ہے۔ میری ماں اکثر کہتی تھیں کہ "عورت کو صبر اور برداشت سے کام لینا چاہیے۔" کیونکہ ہم جس معاشرے میں رہتے ہیں، مرد چاہے کوٹھے پر رات گزار کر آ جائے۔

قبل از مسیح قدیمی تاریخی شہر سیالکوٹ



ہندو راجہ سل کے نام سے منصوب سلکوٹ موجودہ سیالکوٹ تاریخی و جغرافیائی اعتبار سے برصغیر پاک و ہند کا تاریخی شہر ہے جو قبل از مسیح سے اپنی منفرد حیثیت رکھتا ہے۔ مغربی پنجاب کے شمال مشرق میں موجود سیالکوٹ دریائے چناب اور دریائے توی کے سنگم پر ہے سیالکوٹ شہر کی بنیاد کی درست تاریخ موجود نہیں البتہ چار سے پانچ ہزار سال قبل اندازہ لگایا جاتا ہے۔ سیالکوٹ جموں سے تقریباً 30 کلو میٹر جانب جنوب ہے یہاں کی زیادہ تر آبادی کشمیری النسل ہے جو کہ جموں کے پہاڑوں پر رہتے تھے۔ زمین کا سٹرکچر ایسا ہے کہ جو جموں کے پہاڑ برف سے ڈھکے ہوئے ہوتے جن کے نیچے ڈھلوانی زمین جہاں باغات و سرسبز کھیت کھلیان ہوتے ہیں ایسی جگہ پر بنی نوح انسان آباد ہوتے ہیں یہی وجہ سیالکوٹ کی قدیم تہذیب و تمدن کی بنیاد بنتی ہے۔ جموں کا لغوی معنی ہے جما ہوا ہونا۔ پہاڑوں کے اوپر برف کی وجہ سے یہاں پر بہت زیادہ سردی پڑتی ہے۔ آبادی میں اضافے کے ساتھ ساتھ سمندر پیچھے ہٹتا جاتا ہے اور میدانی زمین بنتی جاتی ہے۔ جموں کے پہاڑوں پر کچھ لوگوں کو زیادہ سردی لگتی تھی۔ لہٰذا وہ موسم میں تبدیلی کی وجہ سے نیچے میدانی علاقوں میں اتر آئے۔ سیال پنجابی زبان کا لفظ ہے جس کا معنی ہے سردی کا موسم۔ کوٹ پنجابی زبان کا لفظ نہیں۔ دراصل یہ لفظ ہے کوٹھ۔ جسے سندھی میں گوٹھ بھی کہا جاتا ہے۔ کوٹھ ہی وقت کے ساتھ تو تبدیل ہو کر کوٹ بن گیا۔ یہ لوگ سردی کے موسم میں نیچے اتر آتے اور گرمیوں میں واپس اپنے علاقے میں چلے جاتے۔ گویا ان لوگوں کے لئے یہ جگہ سردیاں گزارنے کی جگہ تھی۔ جس وجہ سے اسے سیال کوٹھ کہا گیا۔ زمان و مکاں و تہذیبیں بدلتی رہیں اور ہندو راجہ سل نے یہ شہر فتح کیا مہاراجہ سل کے نام پر شہر قدیم کا سلکوٹ نام رکھا گیا البتہ سل یعنی س کے نیچے زیر ہے کہ جس کا معنی ہے ہلکا گیلا۔ سیالکوٹ نہ اس کا سنسکرت یا پنجابی میں کوئی معنی ہے۔ کوئی بھی زبان جب ابتدائی دور میں ہوتی ہے تو اس کے الفاظ بہت محدود ہوتے ہیں۔ آہستہ آہستہ وہ ترقی کرتے کرتے پنجابی کا طالب علم ہونے کی بابت جتنی تحقیق ہے سیال کوٹ کے نام کی وجہ تسمیہ یہی ہے۔ عرصے بیت گئے کئیں طالع آزما آئے اور دنیا سے کوچ کر گئے فاتح مرتے رہے مگر ہر دور میں سیالکوٹ زندہ رہا اور یہی بات سیالکوٹ قلعہ پر واقع جناح ہال پر لکھی گئی کہ سیالکوٹ تو زندہ رہے گا انشاء اللہ۔ حکیم الامت ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کیونجہ سے سیالکوٹ کو شہر اقبال، ایکسپورٹرز کیونجہ سے ایکسپورٹ سٹی، کھیلوں کے سامان کی دنیا بھر میں ترسیلات کیونجہ سے سپورٹس سٹی اور سب سے بڑھ کر سیالکوٹ کو مشاہیر زمانہ کا شہر کہا جاتا ہے کیونکہ اس قدیم تہذیب و تمدن کے حامل قدیمی شہر سیالکوٹ کی زرخیز مٹی نے دنیا کو مشاہیر زمانہ دیئے جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہر شعبہ ہائے زندگی میں سیالکوٹ کا نام اونچا کیا۔

امریکن خاتون کا عشق یا جنون۔۔؟

حال ہی میں امریکہ سے انیجا نامی خاتون اپنے شوہر اور بچوں کو چھوڑ کر پاکستان آئی ہیں خاتون کا کراچی کے ایک نوجوان کے ساتھ سوشل میڈیا کے ذریعے رابطہ رہا۔ جس کے نتیجے میں مذکورہ خاتون شادی کے سلسلے میں سات سمندر پار سے یہاں آن پہنچی۔؟ آئے روز کوئی نہ کوئی پوسٹ دیکھنے کو ملتی ہے کبھی کوئی نوجوان تو کبھی ادھیڑ عمر کا شخص ہر عمر ہر طبقے کے لوگ کہہ رہے ہیں کہ ہم اُن سے شادی کے لیے تیار ہیں۔ کسی نے سچ کہا ہے (خدا جانے کس نے) کہ کچھ مردوں کے لیے عورت کا عورت ہونا ہی کافی ہوتا ہے۔ دیکھا جائے تو اس قسم کے واقعات معمول بن چکے ہیں۔ جبکہ یہ بھی حقیقت ہے کہ ایسی عورتیں جو خاوند کے ہوتے ہوئے کسی دوسرے شخص کے لیے اپنا گھر چھوڑ دیتی ہیں یا ایسی عورتیں جو کسی بھی طریقے سے دوسرے شخص سے شادی کرتی ہیں، ہمیشہ ذلیل و خوار ہوتی ہیں۔ پھر چاہے سونے کے تاج پہنو یا ہیرے جواہرات سے بنے تخت پر بیٹھو، ذلت انسان کا مقدر بن جایا کرتی ہے۔ ایسے مرد اور عورتیں کبھی بھی عزت حاصل نہیں کر پاتیں، اُن کی یہ بھی بھول ہوتی ہے کہ خود کو یہ سمجھ لینا کہ ہم عزت کے مقام پر پہنچ گئے ہیں۔ کبھی بھی عزت کسی سے کہلوا کر نہیں حاصل کی جاتی۔ معاشرے میں رہنے کے لیے عزت کمانا پڑتی ہے۔ اور عزت کمانے کے لیے اپنے اعمال کو درست کرنا پڑتا ہے، اپنے مفاد کو پس پشت ڈالنا پڑتا ہے، دوسروں کے لیے قربانی دینا پڑتی ہے، پھر وہ قربانی، خواہ وہ خواہشات کی ہو یا جذبات کی، اپنے اندر سے سب کچھ ختم کرنا پڑتا ہے۔ تب کہیں جا کر آپ عزت کما پاتے ہیں۔ اور اُس کے لیے صرف ایک شخص کی دہلیز ہوتی ہے۔ جو مرد اور عورت ہر روز نئے ساتھی کی تلاش میں رہتے ہیں وہ کبھی عزت نہیں پا سکتے۔ کیونکہ مرد کے دل سے اُتر جانے والی عورت، دوسرے مرد کے بستر پر تو جگہ بنا سکتی ہے، لیکن اُس کے دل میں نہیں۔ اور یہی بات مردوں پر بھی لاگو ہوتی ہے"۔ "جو مرد ہر دوسری عورت کے پیچھے جاتا ہے وہ کبھی عورت کے دل میں جگہ نہیں بنا سکتا۔ وہ آپ کے ساتھ رہے گی تو سہی مگر وہ عزت اور مقام مرد کو نہیں دے گی۔ اگر ایسے مرد کے لیے عورت یہ کہتی ہے کہ نہیں وہ اُس کی دل سے عزت کرتی ہے تو وہ اپنے مفاد کے لیے کہہ لیجیے یا لگژری لائف کے لیے کہہ لیجیے، وہ جھوٹ بولتی ہے۔ ایسی غلطی کبھی مت کریں خاص طور سے عورت یہ غلطی نہ کرے کیونکہ مرد جیسا بھی ہو پھر بھی بحیثیت شوہر "مجازی خدا" کا درجہ رکھتا ہے۔ میری ماں اکثر کہتی تھیں کہ "عورت کو صبر اور برداشت سے کام لینا چاہیے۔" کیونکہ ہم جس معاشرے میں رہتے ہیں، مرد چاہے کوٹھے پر رات گزار کر آ جائے۔

کشمیر پاکستان کا حصہ تھا، ہے اور ہمیشہ رہیگا!

بدھ کے روز آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے منتخب وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے کہا کہ 24 کروڑ پاکستانی عوام کی جانب سے اظہار یکجہتی کیلئے حاضر ہوا ہوں، پاکستانی عوام وزیراعظم پاکستان کے بیان کی مکمل حمایت اور تصدیق کرتے ہیں۔ ہم پاکستانی کشمیر کے عظیم شہداء کو سلام پیش کرتے ہیں۔ 5 فروری کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کی بھرپور حمایت کیلئے ہمارے پختہ عزم کی تجدید کا دن ہے، 5 فروری کا دن بھارت کو چیخ چیخ کر یاد دلاتا ہے کہ کشمیر 5 اگست جیسے اقدامات سے بھارت کا حصہ نہیں بن سکتا۔ کشمیریوں کا لہو بہانے سے مسئلہ کشمیر حل نہیں ہوگا، لہو بہانے والوں کو تاریخ میں ظالم کے طور پر یاد رکھا جاتا ہے، پوری دنیا جانتی ہے کہ اقوام متحدہ کی قرار دادیں بھی کشمیر کو بھارت کا حصہ تسلیم نہیں کرتیں، ہمیشہ پاکستان نے اقوام متحدہ اور او آئی سی سمیت تمام عالمی فورمز پر کشمیروں کا موقف بھرپور انداز میں پیش کیا ہے، پاکستانی حکومت اور عوام ہمیشہ دنیا کے ہر فورم پر کشمیروں کے لیے آواز بلند کرتے رہیں گے۔ پاکستان ہمیشہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی ظلم و جبر اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی کھلے اور بھرپور انداز میں نشاندہی کرتا ہے جو دنیا کی سب سے بڑی نام نہاد جمہوریت کے دعویدار حکمرانوں اور خودساختہ سیکولر ریاست کی فوجی قیادت کو شدید ناگوار گزرتی ہے۔ بھارتی حکومتیں اور فوجی قیادت ہمیشہ پاکستان کیخلاف بات کرنے کیلئے موقع کی تلاش میں رہتے ہیں، مناسب موقع نہ ملنے پر اکثر من گھڑت اور کھوکھلے الزامات لگانے سے باز نہیں آتے، جن کا منہ توڑ جواب دینے کیلئے نہ صرف حکومت پاکستان، افواج پاکستان بلکہ 24 کروڑ پاکستانی بلاتفریق رنگ و نسل اور مذہب و مسلک ہمیشہ تیار ہیں۔ خطے کے بہترین مفاد میں ہے کہ بھارت 5 اگست 2019ء کی سوچ سے باہر نکلے کیونکہ مسئلہ کشمیر کا مسئلہ کسی جنگ اور بربریت سے



حل نہیں ہوگا لہٰذا بھارت تنازع کشمیر پر بامعنی اور نتیجہ خیز مذاکرات کرے۔ یاد رہے کہ بھارت نے 6 سال قبل اپنے آئین سے آرٹیکل 370 نکال کر مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کر دی تھی۔ بھارتی حکومت کا 5 اگست 2019ء کے غیر آئینی اقدام کا مقصد مقبوضہ کشمیر میں مسلمانوں کی آبادی کا تناسب کم کرنا اور بھارتی باشندوں کو کشمیر میں آباد کرنا ہے جس کے بعد بھارت مسلمانوں کی آبادی کے تناسب کو تیزی سے تبدیل کر رہا ہے۔ کور کمانڈرز کانفرنس میں آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کہا کہ کشمیر کی آزادی کیلئے 3 جنگیں لڑ چکے 10 مزید لڑنا پڑیں تو لڑیں گے، کشمیر کل بھی پاکستان کا حصہ تھا آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہیگا، بھارتی مظالم اور بڑھتی ہندو انتہا پسندی سے کشمیریوں کا عزم آزادی مضبوط ہو رہا ہے، کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائیگا۔ بھارتی فوجی قیادت کے حالیہ عاقبت نااندیش اور اشتعال انگیز کھوکھلے بیانات ان کی بڑھتی ہوئی مایوسی کی نشاندہی ثابت کرتے ہیں۔ پاکستان کسی بھی مہم جوئی کا جواب مکمل طاقت کے ساتھ دے گا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان کے مطابق آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کہا کہ پاکستان آرمی ملکی خودمختاری اور سالمیت کے دفاع کے لیے پوری طرح تیار ہے۔ بھارتی فوج کے یہ کھوکھلے بیانات ان کی بڑھتی ہوئی مایوسی کی نشاندہی کرتے ہیں۔ سپہ سالار نے



گریمی ایوارڈ 2025 کے فاتحین کا اعلان کر دیا گیا



لاس اینجلس (شوبز ڈیسک) موسیقی کی دنیا کے سب سے بڑے ایوارڈز "گریمی" کے فاتحین کا اعلان کر دیا گیا ہے، جہاں معروف گلوکارہ بیونسے نے اپنے البم کاو بوائے کارٹر کے لیے سال 2025 کا البم آف دی ایئر کا ایوارڈ جیتا۔ یہ بیونسے کے کیریئر کا پہلا البم آف دی ایئر ایوارڈ تھا، حالانکہ وہ اب تک 32 گرامیز اپنے نام کر چکی ہیں۔ لاس اینجلس میں منعقد ہونے والی 67 ویں گریمیز کی تقریب میں 90 سے زائد کیٹیگریز میں ایوارڈز کا اعلان کیا گیا۔ اس موقع پر ریاست کیلی فورنیا میں آتشزدگی سے نمٹنے والے اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کیا گیا اور متاثرین کے لیے فنڈز بھی اکٹھے کیے گئے۔ بیونسے نے ایوارڈ وصول کرتے وقت کہا کہ وہ اس ایوارڈ کی توقع نہیں کر رہی تھیں اور ان کے لیے یہ ایک حیرانی کا لمحہ تھا۔ اس کے علاوہ، انہیں بیسٹ کنٹری البم کا ایوارڈ بھی دیا گیا۔ اس سال امریکی ریپر کینڈرک لمار کو ان کے گانے ناٹ لائیک از کے لیے ریکارڈ آف دی ایئر اور سونگ آف دی ایئر کا ایوارڈ دیا گیا۔ اسی گانے کو بیسٹ ریپ پرفارمنس، بیسٹ ریپ سونگ اور بیسٹ میوزک ویڈیو" کے ایوارڈز بھی ملے۔ امریکی گلوکارہ چیپل رون نے بیسٹ نیو آرٹسٹ کا ایوارڈ اپنے نام کیا، جب کہ بیسٹ پاپ ڈو/ گروپ پرفارمنس کا ایوارڈ لیڈی گاگا اور برونو مارس کے گانے ڈائے وداے اسمبلی کو ملا۔

بانو قدسیہ کو مداحوں سے بچھڑے 5 برس بیت گئے



لاہور زمیندار گھرانے میں پیدا ہوئیں اور تقسیمِ ہن (شوبز رپوٹر) معروف ناول نگار، ڈرامہ نگار اور افسانہ نگار بانو قدسیہ کو قارئین سے بچھڑے 5 برس بیت گئے۔ بانو قدسیہ 28 نومبر 1928 کو بھارت میں ایکد کے بعد لاہور آ گئیں۔ انہیں بچپن سے ہی اردو ادب کا بے حد شوق تھا اور اکثر اوقات رسالے پڑھا کرتی تھیں تاہم انہوں نے اردو ادب میں ہی باقاعدہ تعلیم حاصل کی۔ پڑھنے لکھنے کے شوق کی وجہ سے انہوں نے اپنے کالج کے زمانے سے ہی رسالوں میں لکھنا شروع کیا اور آہستہ آہستہ انہوں نے ریڈیو کے لیے بھی لکھنا شروع کیا۔ اردو ادب سے بے حد لگاو کے باعث انہوں نے اردو میں متعدد ناول لکھے جن میں راجہ گدھ اور امر بیل اس قدر مشہور ہوئے کہ ان کا نام بہترین ناول نگاروں میں شامل کیا جانے لگا۔ بانو قدسیہ اسٹیج شو اور ٹیلی ویژن کے لیے بھی پنجابی اور اردو زبان میں ڈرامہ اسکرپٹ لکھا کرتی تھیں، ان کے ڈراموں میں پیا نام کا دیا، فٹ پاتھ کی گھاس، آدھی بات اور دیگر شامل ہیں۔ بانو قدسیہ وہ لکھاری ہیں جن کی تحریر میں محبت کی تلخ حقیقت، شگفتگی، شائستگی اور اردو زبان پر مضبوط گرفت نظر آتی ہے۔ انہوں نے مشہور ناول نگار، افسانہ نگار اور ڈرامہ نویس اشفاق احمد سے شادی کی جن کا اردو ادب میں ایک منفرد مقام ہے۔ بانو قدسیہ کی بہترین تحریروں اور اردو ادب میں بہترین کارکردگی پر 1983 میں حکومتِ پاکستان کی جانب سے انہیں ہلالِ امتیاز اور 2010 میں ستارہ امتیاز سے نوازا گیا جبکہ انہوں نے 2012 میں کمالِ فن کا ایوارڈ بھی اپنے نام کیا۔

ممتا کلکرنی نے 10 کروڑ کے عوض مذہبی عہدہ حاصل کرنے کی افواہوں کو مسترد کر دیا



ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کی سابقہ اداکارہ ممتا کلکرنی نے 10 کروڑ کے عوض مذہبی عہدہ ماہا منڈلیشور حاصل کرنے کی افواہوں کو مسترد کر دیا۔ سابق بھارتی اداکارہ ممتا کلکرنی نے ایک حالیہ انٹرویو میں پیسوں کے زریعے ماہا منڈلیشور کا عہدہ لینے کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے ان افواہوں کی تردید کر دی ہے، اداکارہ کا کہنا تھا کہ ان کے پاس 1 کروڑ نہیں وہ 10 کروڑ کی ادائیگی کہاں سے کریں گی؟ انہوں نے وضاحت کی کہ یہ سوچنا بھی غلط ہے کہ میں 10 کروڑ روپے دے سکتی ہوں، میرے پاس تو 1 کروڑ بھی نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ جب مجھے ماہا منڈلیشور بنایا گیا تو میں نے 2 لاکھ روپے کسی سے ادھار لے کر اپنے گرو کو دیئے۔ حال ہی میں سنیاس لینے والی ممتا کلکرنی نے ایک انٹرویو میں فلم کرن ارجن کے سیٹ پر پیش آنے والے ایک واقعے کا بھی ذکر کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ کہ شاہ رخ خان اور سلمان خان شوٹنگ کے دوران ان سے مذاق کیا کرتے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ ایک ڈانس سین کے دوران شاہ رخ خان اور سلمان خان کو ان کے ساتھ ڈانس کرنا تھا، لیکن ڈانس ڈائریکٹر نے بتایا کہ اس مخصوص شوٹ میں وہ اکیلی ہی ہوں گی۔ اگلے دن انہوں نے اپنے ڈانس اسٹیپس ریکارڈ کروائے، بعد میں پتہ چلا کہ دونوں خانز پیچھے جھاڑیوں میں چھپ کر ان پر ہنس رہے تھے۔ ممتا کلکرنی نے مزید بتایا کہ ان کے شاٹس مکمل ہونے کے بعد اگلا سین شاہ رخ خان اور سلمان خان کا تھا، جس میں انہیں گھٹنوں کے بل ڈانس کرنا تھا۔ اس وقت تقریبا 5 ہزار افراد شوٹنگ دیکھنے کے لیے موجود تھے۔

مفتی قوی بھی راکھی ساونت سے شادی کیلئے میدان میں آ گئے

اگر راکھی ساونت کسی کے نکاح میں نہیں ہیں تو میں ان سے شادی کرنا چاہوں گا، مفتی قوی



لاہور (شوبز رپوٹر) پاکستانی لڑکے سے شادی کی خواہش مند بالی ووڈ کی اداکارہ و رقاصہ راکھی ساونت سے شادی کے لیے پاکستان سے دودی خان کے بعد مفتی قوی بھی میدان میں آ گئے۔ حال ہی میں مفتی قوی نے ایک پوڈکاسٹ میں شرکت کرتے ہوئے اپنی مشروط خواہش کا اظہار کر دیا۔ دورانِ پروگرام میزبان کے سوال پر انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر ذاکر نائیک سمیت دیگر علمائے کرام کی تحقیق کے مطابق ہندوؤں کے پاس جو کتاب ہے، وہ الہامی ہے، اس لیے راکھی ساونت بھی اہلِ کتاب ہوئیں اور میں ان سے نکاح کر سکتا ہوں۔ انہوں نے راکھی ساونت سے شادی کی خواہش ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ اگر وہ کسی کے نکاح میں نہیں ہیں تو میں ان سے شادی کرنا چاہوں گا۔ مفتی قوی نے کہا کہ راکھی ساونت سے شادی کے لیے تیار ہوں، اگر میری والدہ مجھے اس کی اجازت دے دیں تو کیونکہ میری والدہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں جو بھی نکاح کروں ان سے پوچھ کر کروں اور کسی کو اپنے نکاح کی تعداد نہیں بتاں۔ سوشل میڈیا پر مفتی قوی کی ویڈیو وائرل ہوتے ہی صارفین کی جانب سے تنقید کی زد میں آ گئی ہے۔

مقبول ایشیائی اداکارہ باربی شو نمونیا کے باعث انتقال کر گئیں

تائی پے (شوبز ڈیسک) مقبول ایشیائی اداکارہ باربی شو نمونیا کے باعث 48 سال کی عمر میں انتقال کر گئیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق تائیوان سے تعلق رکھنے والی باربی شو جاپان میں چھٹیاں گزارنے کے دوران فلو کا شکار ہوئیں جس کے بعد وہ نمونیا میں مبتلا ہو گئی تھیں، ان کی بہن کے مطابق وہ حالیہ برسوں میں صحت کے مسائل سے دوچار رہی تھیں۔ شوبز انڈسٹری میں بگ ایس کے نام سے مقبول باربی شو 1990 کی دہائی کے وسط میں ایس او ایس نامی بینڈ کے باعث مقبول ہوئی تھیں جس میں ان کی بہن بھی ان کے ساتھ شامل تھیں۔ تاہم باربی شو 2001 میں معروف ٹی وی سیریز میٹیور گارڈن میں مرکزی کردار ادا کرنے کے باعث شہرت کی بلندیوں پر پہنچیں۔ باربی شو نے اپنے شوہر سے علیحدگی کے بعد 2022 میں انٹرٹینمنٹ انڈسٹری سے کنارہ کشی اختیار کر لی تھی۔ باربی شو کے انتقال پر چینی شوبز شخصیات نے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔



بشری انصاری نے جعلی خبریں پھیلانے والوں کو آڑے ہاتھوں لے لیا

ایسے یوٹیوبرز پر اللہ کی لعنت ہ جو میرے خلاف جھوٹی خبریں پھیلاتے ہیں



لاہور (شوبز رپوٹر) پاکستان شوبز انڈسٹری کی لیجنڈری اداکارہ بشری انصاری نے جعلی خبریں پھیلانے والوں کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ اداکارہ نے اپنے یوٹیوب چینل پر ویڈیو پیغام جاری کرتے ہوئے ایسے یوٹیوبرز کو کھری کھری سنا دی جو چند ویوز کی خاطر جھوٹی خبریں پھیلاتے ہیں۔ حال ہی میں بشری انصاری نے اپنے یوٹیوب چینل پر نیا وی لاگ شیئر کیا ہے جس میں وہ اپنے دورہ اسلام آباد کے حوالے سے بتا رہی ہیں۔ اداکارہ نے اسی وی لاگ میں گفتگو کرتے ہوئے جعلی خبریں پھیلانے والے یوٹیوبرز کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ ایسے یوٹیوبرز پر اللہ کی لعنت ہو جو میرے خلاف جھوٹی خبریں پھیلاتے ہیں، ایک یوٹیوب چینل پر دعوی کیا گیا کہ میری بیٹی ایمان نے مجھے گھر سے نکال دیا ہے۔ بشری انصاری نے اپنے روایتی مزاحیہ انداز میں کہا کہ بھئی میری بیٹی تو خود میرے گھر میں رہتی ہے، وہ مجھے کیسے نکال سکتی ہے؟ پتہ نہیں یہ لوگ میرے خلاف ایسی خبریں کیوں پھیلا رہے ہیں؟ ویسے میرے حلقہ احباب میں سب کو پتہ ہے کہ ان باتوں پر دھیان نہیں دینا چاہیے۔ ان کا کہنا ہے کہ میرے خلاف جھوٹی ویڈیوز بنانے والوں کا معیار ان کی بھونڈی آوازوں سے جھلکتا ہے، جس سے آپ پہچان سکتے ہیں کہ وہ جھوٹ بول رہے ہیں۔

ہوشیار سیلز مین نے اداکارہ سارہ علی خان سے اپنے مقامی برانڈ کی مفت میں تشہیر کرادی



ممبئی (شوبز ڈیسک) کروڑوں روپے لینے والی بالی وڈ اداکارہ سارہ علی خان سے چالاک سیلز مین نے مفت میں اپنی پروڈکٹ کی تشہیر کرادی۔ اداکار سیف علی خان کی بیٹی سارہ علی خان کئی فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھا چکی ہیں۔ رپورٹس کے مطابق اداکارہ کسی بھی پروڈکٹ کی تشہیر کیلئے ایک کروڑ بھارتی روپے) جو کہ پاکستانی روپوں میں 3 کروڑ 21 لاکھ روپے سے زائد بنتے ہیں (وصول کرتی ہیں۔ لیکن ایک ہوشیار سیلز مین نے اداکارہ سے اپنے مقامی برانڈ کی مفت میں تشہیر کرادی اور اس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل بھی ہو گئی۔ وائرل ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ ممبئی میں سارہ علی خان جم سے باہر نکلتی ہیں تو ایک سیلز مین مداح کے روپ میں ان سے ملتا ہے اور ہاتھ میں پکڑے پیکٹ کا بتاتا ہے۔ اتنے میں اداکارہ گاڑی کی طرف پہنچتی ہیں تو سیلز مین تصویر کھنچوانے کا کہتا ہے جس پر وہ ہاتھ میں پکڑے پیکٹ کے ساتھ ہی تصویر بناتا ہے اور پھر وہ پیکٹ سارہ علی خان کو دے دیتا ہے۔ تاہم سیلز مین کے عمل پر سوشل میڈیا پر بحث چھڑ گئی ہے، کئی نے اس کی تعریف تو کسی نے شدید تنقید کی ہے۔ ایک صارف نے سیلز مین کو سال کا بہترین سیلز مین اور مارکیٹر قرار دیا تو ایک اور نے لکھا کہ دماغ ہو تو سب کچھ ممکن ہے۔ بعض صارفین نے اداکارہ کو سیلز مین اور پروڈکٹ کے خلاف قانونی کارروائی کا مشورہ دیا۔



فلورا گبس نے Ascot Royal of Taste A 2025 میں شرکت کی، جو کہ 3 فروری، 2025 کو لندن، انگلینڈ میں The MAINE Mayfair میں، رہائش گاہ میں رائل اسکوٹ شیفس کے پکوانوں کا جائزہ لے کر بیٹھنے کا ایک خصوصی تجربہ ہے۔



ٹریشا پیٹس نیویارک سٹی میں 3 فروری 2025 کو دی سینٹ جیمز تھیٹر میں براڈوے پر "ٹریشا پیٹس کے بگ براڈوے ڈریم" کی انٹرٹینمنٹ کمیونٹی فنڈ کی افتتاحی رات میں پوز دیتی ہیں۔

ہٹ فلمیں، 50 بلاک بسٹرز، انڈین سینما کا سب سے بڑا سپر اسٹار

ممبئی (شوبز ڈیسک) بھارتی سینما کی دنیا میں عام طور پر امیتابھ بچن، شاہ رخ خان، سلمان خان، رجنی کانت اور راجیش کھنا جیسے نام سرفہرست آتے ہیں، لیکن ایک ایسا سپر اسٹار بھی ہیں جنہوں نے ان سب کو پیچھے چھوڑ دیا۔ پریم نذیر، جنہیں "نیتھی ہریتھ نایا کن" یعنی "ایور گرین ہیرو" بھی کہا جاتا ہے، نے ملیالم سینما میں تقریبا تین دہائیوں تک بے مثال کامیابی حاصل کی۔ پریم نذیر کا کیریئر 1951 سے 1989 تک پھیلا ہوا تھا، جس دوران انہوں نے کل 720 فلموں میں مرکزی کردار ادا کیے۔ مختلف تجزیہ کاروں اور انڈسٹری کے ماہرین کے مطابق، ان میں سے تقریبا 400 فلمیں ہٹ رہی ہیں اور ان میں سے 50 فلمیں بلاک بسٹر ثابت ہوئیں۔ جبکہ دیگر بھارتی سپر اسٹارز جیسے امیتابھ بچن کے پاس 56 ہٹ فلمیں، راجیش کھنا کے پاس 42 اور شاہ رخ خان و سلمان خان کے پاس تقریبا 30 کی حدود میں فلمیں ہیں، پریم نذیر کا ریکارڈ انہیں منفرد بناتا ہے۔ پریم نذیر کو نہ صرف ان کے بہترین اداکاری کے لیے بلکہ ان کے محنتی اور مسلسل کام کرنے کے انداز کے لیے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ انہوں نے اپنی زندگی میں کئی مرتبہ ایک ہی سال میں 30 سے زائد فلمیں کیں، جس سے ان کا نام اور شہرت زمانے بھر میں پھیل گئی۔ ان کی بے مثال کامیابی اور محنت نے انہیں بھارتی سینما کے تاریخ میں ایک امر ہیرو کے طور پر مستحکم کر دیا، اور آج بھی ان کے کام کو سینما کے طلبا اور مداح یاد کرتے ہیں۔

ڈکی بھائی کو بڑا دھچکا: ایک ہفتے میں 4 لاکھ سبسکرائبر کم ہو گئے

کراچی (شوبز رپوٹر) پاکستانی یوٹیوبر سعد الرحمٰن، جو اپنے نام ڈکی بھائی سے مشہور ہیں، حال ہی میں ایک بڑے تنازع کے باعث اپنے چینل سے 400,000 سے زائد سبسکرائبرز کھو بیٹھے ہیں۔ یہ تنازع سات سال قبل شروع ہوا تھا جب ڈکی بھائی نے یوٹیوبر شام ادریس کے روزانہ ویلاگز پر تنقید کی تھی۔ حال ہی میں شام ادریس نے ایک ویڈیو جاری کی جس میں انہوں نے ڈکی بھائی پر الزام لگایا کہ وہ چھوٹے مواد تخلیق کاروں کو بلی کرتے ہیں، دھمکیاں دیتے ہیں اور یہاں تک کہ ان پر جسمانی حملہ بھی کرتے ہیں۔ ادریس نے اس ویڈیو میں یہ بھی اعتراف کیا کہ انہوں نے ڈکی بھائی کا فیس بک پیج بند کرانے میں بھی کردار ادا کیا تھا، جس کی وجہ نامناسب مواد قرار دی گئی۔ ان الزامات کی وجہ سے مداحوں نے ڈکی بھائی کا چینل سبسکرائب کرنا چھوڑ دیا جس کے نتیجے میں ان کے سبسکرائبرز میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے۔ ان کا سبسکرائبرز کا شمار تقریبا 8.56 ملین سے گھٹ کر اب 8.1 ملین رہ گیا ہے۔



بچوں کی زندگی کو بہتر بنانے کیلئے قربانی دینی پڑتی ہے، شائستہ لودھی

کراچی (شوبز رپوٹر) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف میزبان و اداکارہ ڈاکٹر شائستہ لودھی نے بچوں کی زندگی بہتر بنانے کے لیے دی جانے والی قربانی کے بارے میں بات کی ہے۔ شائستہ لودھی نے حال ہی میں ایک نجی ٹی وی کے پروگرام میں شرکت کی جہاں ان سے یہ سوال پوچھا گیا کہ آپ کے ہمیشہ کام میں مصروف رہنے کی وجہ سے آپ کے بچوں کے رویے میں کوئی تلخی ہے؟ انہوں نے اس سوال کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ تینوں بچے میری طاقت ہیں اور انہیں میرے کام سے کبھی کوئی مسئلہ نہیں ہوا۔ اداکارہ نے کہا کہ مجھے خود یہ محسوس ہوتا ہے کہ اگر میں کام تھوڑا کم کر لیتی تو اپنے بچوں کے ساتھ زیادہ وقت گزار سکتی تھی لیکن کام کرنا وقت کی ضرورت تھا۔ انہوں نے بتایا کہ میرے کام کی وجہ سے ہمارا معیارِ زندگی تبدیل ہوا تو بچوں کی زندگی بہتر بنانے کے لیے تھوڑی قربانی تو دینی پڑتی ہے۔ شائستہ لودھی نے بتایا کہ اب مجھے کام کرنے کی اتنی عادت ہو گئی ہے کہ اگر میرے سامنے 6 کام آئیں گے تو میں سوچتی ہوں کہ میں یہ سب کام ہی کر لیتی ہوں۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ میرے بیٹے کو مجھے اس طرح کام کرتا دیکھنے کی اتنی عادت ہو گئی ہے کہ وہ کہتا کہ آپ 1 منٹ میں 6 چیزوں کے بارے میں نہ سوچیں ایسا ممکن ہی نہیں ہے۔





روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

کشمیری مسلمانوں سے اظہار یک جہتی کے لیے مرکزی جمعیت اہل حدیث کے زیر اہتمام ریلی نکالی گئی

اس بدترین ظلم پر پوری دنیا خاموش ہے حتیٰ کہ حکومت پاکستان بھی عملاً کچھ کرنے کی بجائے خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہی ہے



حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کشمیری مسلمانوں سے اظہار یک جہتی کے لیے مرکزی جمعیت اہل حدیث کے زیر اہتمام ریلی نکالی گئی۔ ریلی کی قیادت امیر مرکزیہ تحصیل حافظ آباد مولانا معاذ الرحمان بھٹی، مرکزی راہنما مرکزی جمعیت اہلحدیث حضرت مولانا محمد ابراہیم علوی، قائمقام امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث ضلع حافظ آباد شیخ محمد سلیم، ناظم مالیات مرکزیہ ضلع حافظ آباد عبدالحمید رحمانی، ناظم مالیات اہلحدیث یوتھ فورس پاکستان محمد عثمان رحمانی نے کی۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ بھارتی فوج کم وبیش دس لاکھ کارندوں کے ساتھ اب ہندو انتہا پسند اور دنیا کی بدترین دہشت گرد تنظیم آر ایس ایس کے ہزاروں مسلح غنڈے بھی کشمیر میں مسلم کشی میں شریک ہیں۔ اس بدترین ظلم پر پوری دنیا خاموش ہے حتیٰ کہ حکومت پاکستان بھی عملاً کچھ کرنے کی بجائے خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انگریزی استعمار کے خاتمے سے ہی اس سرزمین پر بھارت کی درندہ صفت فوجیں اتنی بڑی تعداد میں نہتے کشمیریوں کی نسل کشی پر مامور ہیں کہ اس کی کوئی مثال دنیا کی تاریخ میں نہیں ملتی۔ کشمیر کی آبادیاں ویران، کھیت کھلیان اور باغات تباہ حال، عفت مآب بیٹیوں کی عصمتیں پامال اور پوری وادی جنت نظیر آج مقتل کی تصویر بنی ہوئی ہے۔

اظہار یکجہتی کے لئے کشمیر بنے گا پاکستان ریلی نکالی گئی

وزیرآباد (نامہ نگار) اینٹی نارکوٹکس ویلفیئر سوسائٹی رجسٹرڈ وزیرآباد کے زیر اہتمام شہید نوید یونس کینسر سنٹر پٹھانوالی (بحالی مرکز برائے امراض نشیات ونفسیات) میں مقبوضہ کشمیر میں مظلوم مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کے لئے کشمیر بنے گا پاکستان ریلی نکالی گئی۔ جس کی قیادت صدر محمد جمیل چیمہ، جنرل سیکرٹری محمد آصف مغل، ڈائریکٹر کاہاجی سخاوت حسین چیمہ، سماجی شخصیت شہباز سرور بھٹی، کلینیکل سائیکالوجسٹ طاہر نواز خٹک، سائیکالوجسٹ نعمان سعید، حافظ عبدالقدیر، عظیم خان، علی اصغر سراو دیگر نے کی۔ ریلی سے صدر محمد جمیل چیمہ، شہباز سرور بھٹی، محمد آصف مغل، طاہر نواز خٹک، حافظ عبدالقدیر نے خطاب کیا۔ صدر محمد جمیل چیمہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کی 90 فیصد سے زیادہ آبادی مسلمان ہے۔ جو پاکستان میں شامل ہونا چاہتے ہیں۔

بچے ہمارا اثاثہ ہیں۔ کنوینئر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

خدمت میں عظمت ہمارا منشور ہے۔ سجاول علی وسیم



ماڈل ٹاؤن گراؤنڈ کی چار دیواری کی تعمیر کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کنوینیر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ بچے ہمارا اثاثہ ہیں ان کی بہتر پرورش اور ان کو تواناء رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ وہ کھیل کے میدان کی طرف راغب ہوں ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے بچوں پر خصوصی توجہ دینے کے لیے گراؤنڈ کو تمام تر سہولیات فراہم کی جائیں گی تاکہ بچے زیادہ سے زیادہ کھیلوں میں دلچسپی لیں محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ خدمت میں عظمت ہمارا منشور ہے اور اس نعرے کی پاسداری کے لیے ہم تمام تر وسائل بروئے کار لا رہے ہیں چھوٹی عمر کے بچوں پر مشتمل ٹیمیں تشکیل دی جائیں گی تاکہ وہ بھی اپنی پرفارمنس کو اچھے طور سے پیش کر سکیں جب بچے کھیل کود کی طرف خصوصی توجہ دینا شروع کر دیں گے تو اس سے بے شمار مسائل حل ہو سکتے ہیں۔

پریس کلب اور جی سی یونیورسٹی کے اشتراک سے تصویری نمائش ''زاویہ'' کا انعقاد، پریس کلب انسٹی ٹیوٹ کا افتتاح

فیصل آباد پریس کلب اور جی سی یونیورسٹی شعبہ آرٹ اینڈ ڈیزائن کے زیر اہتمام تصویری نمائش ''زاویہ'' کا انعقاد کیا گیا



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) پریس کلب اور جی سی یونیورسٹی کے اشتراک سے تصویری نمائش ''زاویہ'' کا انعقاد، پریس کلب انسٹی ٹیوٹ کا افتتاح۔ فیصل آباد پریس کلب اور جی سی یونیورسٹی شعبہ آرٹ اینڈ ڈیزائن کے زیر اہتمام تصویری نمائش ''زاویہ'' کا انعقاد کیا گیا۔ جس کا افتتاح وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی، پروفیسر ڈاکٹر روف اعظم نے کیا۔ اس نمائش میں صحافیوں، طلبہ اور فنون لطیفہ سے وابستہ افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ صبح 11 بجے سے شام 4 بجے تک جاری رہنے والی نمائش میں معروف آرٹسٹ سعدیہ نورین، سحر لیاقت اور طارق محمود کے تخلیقی فن پارے پیش کیے گئے۔ جن میں زندگی کے مختلف زاویوں کو اجاگر کیا گیا تھا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر روف اعظم نے کہا کہ آرٹ اور فوٹو گرافی معاشرتی شعور اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے جی سی یونیورسٹی کے طلبہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ایسی سرگرمیوں کے مسلسل پرزور دیا۔ شرکاء نے نمائش کو خوب سراہا اور کہا کہ ایسی تقریبات نہ صرف فنکاروں کی صلاحیتوں کو نکھارتی ہیں بلکہ معاشرے میں مثبت سوچ کے فروغ میں بھی معاون ثابت ہوتی ہیں۔ تقریب کے دوران صدر فیصل آباد پریس کلب شاہد علی نے وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی روف اعظم کا استقبال کیا اور انہیں پریس کلب کا تفصیلی دورہ کروایا۔

انتقال پر ملال

وزیرآباد (نامہ نگار) معروف سماجی شخصیت محمد اسلم جاوید خان مرحوم کی اہلیہ، عمران جاوید، رضوان جاوید، عرفان جاوید، عدنان جاوید خان، کی والدہ، سینئر صحافی کاشف محمود خان کی چچی جان مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئیں جنہیں سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا نماز جنازہ میں سیاسی وسماجی شخصیات منتخب نمائندوں، وکلاء صحافیوں، تاجر برادری، صنعتکاروں سمیت اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

یوم کشمیر پر کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے جمعیت علماء اسلام کی جانب سے ریلی نکالی گئی

ریلی میں جمعیت علماء اسلام کی ضلعی قیادت کارکنان اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی

پاکپتن۔ (محمد عمران جنجوعہ۔قوت) میں یوم کشمیر پر کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے جمعیت علماء اسلام کی جانب سے ریلی نکالی گئی، ریلی میں جمعیت علماء اسلام کی ضلعی قیادت کارکنان اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ریلی پریس کلب پاکپتن سے شروع ہوئی اور کالج روڈ پر اختتام پزیر ہوئی، ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں کشمیری اور پارٹی پرچم اٹھا رکھے تھے، شرکاء نے کشمیر بنے گا پاکستان کے فلک شگاف نعرے لگائے، مقررین کا کہنا تھا کہ جمعیت علماء اسلام کے مرکزی قائد مولانا فضل الرحمان نے پوری دنیا میں سب سے بہتر انداز میں کشمیر کا کیس لڑا، پاکستان کا بچہ بچہ کشمیر کی آزادی تک اپنے کشمیری بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑا رہے گا اور اپنے لہو کا آخری قطرہ بہانے کو بھی تیار ہے، ہم ملک کی حفاظت اور کشمیر کی آزادی کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔

کشمیر کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے ایک پروگرام منعقد

اس پروگرام کے مہمان خصوصی سابق رکن قومی اسمبلی سردار محمد عرفان تھے

فاروق آباد (نامہ نگار) مسلم لیگ یوتھ ونگ سٹی فاروق آباد کے زیر اہتمام محلہ ہاشمیاں نزد گورنمنٹ لاشانی ہائی سکول سینھ غلام محی الدین کی رہائش گاہ پر کشمیر کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے ایک پروگرام منعقد کیا گیا اس پروگرام کے مہمان خصوصی سابق رکن قومی اسمبلی سردار محمد عرفان ڈوگر سابق رکن صوبائی اسمبلی چوہدری سجاد حیدر گجر مسلم لیگ سٹی فاروق آباد کے سابق صدر شیخ زاہد حسین اور سردار سرفراز ڈوگر تھے کشمیر کے ساتھ یکجہتی کی اس تقریب میں میاں محمد طیب صدر مسلم لیگ یوتھ ونگ سٹی فاروق آباد سینیئر نائب صدر ڈاکٹر رانا محمد صفدر جنرل سیکرٹری رائے ظہیر احمد نائب صدر شوکت کمبوہ مسلم لیگ یوتھ ونگ تحصیل شیخوپورہ کے سینیئر نائب صدر علیم شاہد سینیئر مسلم لیگی رہنما سیٹھ محبوب عالم ملک شہزاد افتخار ملک محمد حفیظ ایڈیشنل جنرل سیکرٹری شیخ وقاص زاہد یوتھ ونگ نوکھر نو کے صدر رانا محمد افضل نائب صدر یوتھ ونگ سٹی فاروق آباد غلام حسین سمیت مسلم لیگ یوتھ ونگ کے سینکڑوں کارکنوں نے شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سردار محمد عرفان ڈوگر نے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے انشاءاللہ، ہم کشمیر کو حاصل کر کے رہیں گے اور سارے کا سارا حاصل کر کے رہیں گے اس کے لیے ہمیں جو بھی قربانی دینی پڑی ہم دیں گے انہوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت فوری طور پر کشمیر کے مظلوم مسلمانوں پر ظلم وجبر بند کرے اور ان کے حق خود ارادیت کو تسلیم کرے تاکہ کشمیر کے مسلمان آزادی اور سکھ کا سانس لے سکیں اس موقع پر شیخ زاہد حسین چوہدری حمزہ سجاد گجر سردار سرفراز ڈوگر غلام حسین رانا محمد صفدر اور میاں محمد طیب نے بھی خطاب کیا۔

دوران سفر بائیکرز ہیلمٹ کا استعمال یقینی بنائیں: حدید احمد بٹ

شہریوں کی حفاظت کیلئے پر عظم ہیں۔ سول ڈیفنس سیالکوٹ ڈویژن وارڈن



سیالکوٹ (بیورو چیف) چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید پھور کی جانب سے شہریوں کو سیفٹی ہیلمٹ فری میں تقسیم کئے جائینگے۔ موٹر سائیکل سوار سیفٹی ہیلمٹ کا استعمال یقینی بنائیں تاکہ ایکسیڈنٹ کی صورت میں ہیڈ انجری سے محفوظ رہیں مزید یہ کہ ٹریفک قوانین کی پاسداری کرنا شہریوں کے اپنے مفاد میں ہے۔ ان باتوں کا اظہار تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ کے ڈویژن وارڈن 2 حدید احمد بٹ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ ہر دلعزیز چیف وارڈن طاہر مجید پھور کی قیادت میں سیالکوٹ کے شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کیلئے پر عزم ہیں صنعتی شعبہ و بزنس سینٹرز و تاجر برادری سے تعلق رکھنے والے افراد کو سیفٹی سیکورٹی اقدامات و ہنگامی حالات بارے پیشگی تربیتی پروگرامز بارے آگاہی اشد ضروری ہے تا کہ ہنگامی صورتحال کے دوران بہتر و موثر حکمت عملی اپنائی جاسکے۔

جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں مہنگائی کی بے رحم لہر

سفید پوش طبقہ کو اپنی لپیٹ میں لے کر نچوڑنا شروع کر رکھا ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں مہنگائی کی بے رحم لہروں نے غریب سفید پوش طبقہ کو اپنی لپیٹ میں لے کر نچوڑنا شروع کر رکھا ہے اشیا خورونوش کی قیمتوں کی سرکاری نرخنامے اور عام مارکیٹ کے دکانداروں کے نرخوں میں زمین آسمان کا فرق ہے مقامی انتظامیہ کی عدم توجہی اور دکانداروں کے ہاتھوں لٹنے پر عوام مجبور ہو گئے ہیں، دودھ کا سرکاری ریٹ 180 روپے ہے جبکہ دودھ فروش 210 سے 220 روپے فی لٹر کے حساب سے فروخت کر رہے ہیں، روٹی 15 کے بجائے 20 روپے میں فروخت کی جا رہی ہے نان 20 روپے کے بجائے 25 روپے وہ بھی کم وزن میں فروخت کیا جا رہا ہے، چاول 250 کے بجائے 300 سے 350 روپے فی کلو دال چنا 215 کے بجائے 280 روپے میں فروخت ہو رہی ہے۔ جبکہ پھلوں اور سبزیاں بھی من مرضی کے نرخوں پر فروخت کی جا رہی ہیں شہریوں نے ارباب اختیار سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے

کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے پاکپتن بازار اور صدر بازار کو ماڈل بازار بنانے کی ہدایت کر دی

دفتر میں پسپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے پاکپتن بازار اور صدر بازار کو ماڈل بازار بنانے کی ہدایت کر دی، دونوں بازاروں میں بجلی کے کھمبوں کو شفٹ کیا جائے، وال ٹو وال ٹف ٹائل لگائی جائے، خریداروں کے بیٹھنے کے لئے بینچز لگائے جائیں، ڈسٹ بن رکھی جائیں اور پلانٹرز بھی لگائے جائیں، میونسپل کارپوریشن کو ہدایت۔ دوسرے بازاروں کی بہتری کا جامع منصوبہ تیار کرنے کی بھی ہدایت۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں پسپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد، اے سی جنرل رائے فیصل عمران اور سٹی مینیجر پسپ محمد اسجد خان سمیت متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ باقی بازاروں کی بھی بتدریج ری ماڈلنگ کی جائے تاکہ تمام کمرشل علاقے کو خوبصورت بنایا جاسکے۔ انہوں نے بازاروں کی مکمل صفائی یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس میں اندرون سوڑی گلی میں تجاوزات گرانے پر بھی غور ہوا اور کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید نے ہدایت کی کہ اس سے بھی تجاوزات ختم کرائی جائیں۔ انہوں نے گرلز کالج روڈ کے پیچ ورک کو بھی جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔

کھیلوں کے فروغ کے لیے آرچری، فٹبال، ہاکی اور کراٹے کے مقابلہ جات کا انعقاد



جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر جھنگ علی اکبر بھنڈر کی ہدایات کی روشنی میں محکمہ سپورٹس کی جانب سے کھیلوں کے فروغ کے لیے آرچری، فٹبال، ہاکی اور کراٹے کے مقابلہ جات کا انعقاد کیا گیا۔ ترجمان سپورٹس ڈیپارٹمنٹ جھنگ کے مطابق کھیلوں کے فروغ کے لیے مختلف کھیلوں کا انعقاد کیا گیا ہے جس میں آرچری، فٹبال، ہاکی اور کراٹے کے مقابلہ جات کروائے گئے ہیں۔ کھیلوں کے انعقاد کے موقع پر کھلاڑیوں نے ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر اور ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر محمد عمران کی کاوش کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی ایسے ایونٹس کروائے جائیں گے جس سے بلاشبہ کھلاڑیوں کو فوائد حاصل ہونگے۔ مقابلہ جات کے اختتام پر کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے انعامات تقسیم کیے گئے۔

ساؤنڈ سسٹم ایکٹ کی خلاف ورزی جاری ہے: مرزا اطہر سلطان

منع کیا جائے تو یہ لڑنے مرنے پہ اتر آتے ہیں اور لڑائی جھگڑوں جیسے سنگین واقعات رونما ہو جاتے ہیں



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) سینئر صحافی و کالم نگار، گلوبل یونین آف جرنلسٹس گوجرانوالہ کے جنرل سیکرٹری مرزا اطہر سلطان مغل نے شہریوں کو لاحق سنگین مسئلے کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ گھریلو استعمال کی اشیاء کی خرید و فروخت، موٹر سائیکل پہ کباڑ اکٹھا کرنے والوں اور پھل سبزی فروخت کرنے والے خوانچہ فروشوں کی جانب سے کھلے عام ساؤنڈ سسٹم ایکٹ کی خلاف ورزی جاری ہے۔ یہ خوانچہ فروش صبح سے شام تک گلی، کوچوں، بازاروں اور شاہراہوں میں اپنے اپنے سامان کی فروخت کھلنے با آواز بلند لاؤڈ سپیکرز کا مسلسل استعمال کرتے ہیں جس کے باعث گردونواح کے مکین مستقل ذہنی اذیت اور چڑچڑاہٹ کا شکار بن رہے ہیں۔ یہی نہیں بلکہ یہ مکروہ فعل رات گئے تک جاری رہتا ہے۔ اگر انہیں منع کیا جائے تو یہ لڑنے مرنے پہ اتر آتے ہیں اور لڑائی جھگڑوں جیسے سنگین واقعات رونما ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ساؤنڈ سسٹم ایکٹ کی خلاف ورزی ضلعی انتظامیہ کی رٹ پہ سوالیہ نشان ہے۔ یہ بہت بڑا سماجی مسئلہ ہے جس کی نشاندہی کا مقصد شہریوں کو اس ذہنی اذیت سے نجات دلانا ہے۔ اطہر سلطان مغل نے ڈپٹی کمشنر نوید احمد سے مطالبہ کیا کہ اس حوالے سے متعلقہ اتھارٹیز کو احکامات جاری کریں اور بڑھیوں پہ لگے لاؤڈ سپیکرز کو سر کار ضبط کر لیں۔ آج جب ہر دوسرا فرد کسی نہ کسی بیماری کا شکار ہے تو ایسے سماجی مسائل عدم برداشت کو فروغ دیتے ہیں لہذا ضلعی انتظامیہ متحرک ہو کر لاؤڈ سپیکر ایکٹ پہ بلا امتیاز عملدرآمد کرے اور خلاف ورزی کرنے والوں کو بھاری جرمانے کرنے کے ساتھ ساتھ حوالات میں ڈال دیں تاکہ دوسروں کو عبرت حاصل ہو۔

کشمیریوں سے رشتہ کیا لا الہ الا اللہ: حاجی محمد رمضان

کشمیری عوام نے آزادی کی خاطر بہت قربانیاں دی ہیں



کوٹ رادھا کشن (تحصیل رپورٹر حاجی محمد رمضان سے) کشمیریوں سے رشتہ کیا لا الہ الا اللہ۔ کوٹ رادھا کشن کے امیر جمعیت اہل الحدیث میاں خالد سیف اللہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری عوام نے آزادی کی خاطر بہت قربانیاں دی ہیں عالمی برادری کو ان کے حق خود ارادیت کی حمایت کا نا ہو گیا وقت آ گیا ہے کہ کشمیروں کی آزادی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں کشمیریوں کے جذبہ حریت کو سلام ہے بھارتی جبر کے سامنے سیسہ پلائی دیوار ثابت ہو کر آزادی کی تحریک کو مزید مضبوطی دی ہے۔ مزید کہا کہ بھارت اپنی آنا اور زور زبردستی میں کشمیریوں کے حق دبا کر بیٹھا ہے انسانی حقوق کی تنظیموں کو کشمیریوں کے حق کے آواز بلند کرنا ہو گی



پاکستان مظلوم کشمیریوں کی سیاسی اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا

محکمہ تعلقات عامہ کے زیر اہتمام کشمیری بہن بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے لئے تقریب کا انعقاد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) محکمہ تعلقات عامہ اوکاڑہ اور دی ماسٹر بائے سنٹر ایسوسی ایٹس کراٹے کے زیر اہتمام کشمیری بہن بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے لئے تقریب کا انعقاد۔ ادارہ کے ماسٹر ٹریننگ اختر اور محمد وسیم طارق نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان مظلوم کشمیریوں کی سیاسی اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا کشمیر ایک نامکمل ایجنڈا ہے کشمیریوں کو حق خود ارادیت دیئے بغیر ایجنڈا مکمل نہیں ہو سکتا کشمیر کے مسئلہ پر پوری پاکستانی قوم یک زبان ہے ہر پاکستانی کا کشمیر سے جذباتی لگاؤ ہے کشمیر پاکستان کا حصہ بنے گا آزاد ہو گا جس کے لیے مظلوم کشمیری جدوجہد کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم اپنے مظلوم کشمیری بہن بھائیوں کو جدوجہد آزادی کے ساتھ مکمل اتحاد و یگانگت اور ان کی بھائی چارے کا عزم مصمم کرتے ہیں اور انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیوں اور مظلوم کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کو دبانے کے لیے بھارت کے اوچھے ہتھکنڈوں کی بھرپور مذمت کرتے ہیں ہم اہل کشمیر کو یہ یقین دلاتے ہیں کہ ہر پاکستانی کشمیر کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں کشمیریوں کی امنگوں کے مطابق حل کروانے کے لیے ہمیشہ کوشاں رہے گا انہوں نے کہا کہ بھارت کی ہٹ دھرمی ہے کہ بھارت اب تک مظلوم اور اپنی آزادی کے لیے جدوجہد کرنے والے کشمیریوں کی حق خود ارادیت دینے سے انکاری ہے اور آج تک ہزاروں کشمیری مسلمانوں کو شہید کیا جا چکا ہے ہزاروں مسلمان خواتین کی عصمت دری کی گئی۔ ہزاروں نوجوانوں کو تحریک آزادی میں شمولیت کی پاداش میں شہید اور جسمانی طور پر مفلوج کر دیا گیا سینکڑوں کشمیری بچے حسرت و یاس کی آواز بنے ہوئے ہیں وہ وقت دور نہیں جب اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مظلوم کشمیریوں کو حق خود ارادیت ملے گا۔

شوار مالینے آئے گا ہک کا راہگیر کے ساتھ جھگڑا، گولیاں چل گئیں

دو کاندار سمیت 2 افراد شدید زخمی، تشویشناک حالت میں لاہور ریفر کر دیا گیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) شوار مالینے آئے گا ہک کا راہگیر کے ساتھ جھگڑا گولیاں چل گئیں دو کاندار سمیت 2 افراد شدید زخمی ہسپتال منتقل کر دیا گیا تاحال مقدمہ درج نہیں ہو سکا تفصیل کے مطابق صدر بازار میں نامعلوم راہگیر اور لالہ بٹ نامی شخص سے جھگڑا ہو گیا گالی گلوچ کے بعد گولیاں چل گئیں جس سے لالہ بٹ اور دو کاندار گولیاں لگنے سے شدید زخمی ہو گئے جبکہ ملزمان فرار ہو گئے زخمی افراد کو مقامی دیہی مرکز صحت منتقل کر دیا جہاں ابتدائی طبی امداد کے بعد لاہور منتقل کر دیا گیا ہے جہاں حمزہ عرف ڈالر نامی دو کاندار کی گردن میں گولی لگنے سے حالت تشویش ناک بتائی جا رہی ہے تاحال مقدمہ درج نہیں ہو سکا۔

ملازمین کی اپنے مطالبات کے حق میں احتجاجی ریلی

ریلی کی قیادت چوہدری نصر اللہ پنجھر اچیئرمین اپکا پنجاب، چیئرمین متحدہ محاذ محمد اقبال پنجھر، صدر اپکا حافظ آباد مبشر المجید گجر و دیگر نے کی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ملازمین نے اپنے مطالبات کے حق میں احتجاجی ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں ینگ ٹیچرز ایسوسی ایشن، آفیشل یونین اور دیگر یونینز نے شرکت کی۔ ریلی کی قیادت چوہدری نصر اللہ پنجھر اچیئرمین اپکا پنجاب، چیئرمین متحدہ محاذ محمد اقبال پنجھر، صدر اپکا حافظ آباد عبدالمجید گجر، نوید عطا نون نائب صدر اپکا پنجاب، محمد عارف پنجھرا، عمران احمد فاروقی، رائے حسین علی کھرل، محسن اعجاز تارڑ، اظفر اقبال بھٹی، رانا امجد فریدی، رانا صدف اعجاز، ماجد رشید، صہیب حسن مان، چوہدری خضر حیات، ڈاکٹر شہزاد خالد، چوہدری محمد امین، رانا تصور، مہر احسان اللہ، شہباز انجم، مہر صغیر احمد و دیگر نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مقررین کا کہنا تھا کہ لیو الٹیمنٹ کی بحالی، 17-A کی بحالی، ملازمین کی تنخواہوں کے انکم ٹیکس کا خاتمہ، نئے پنشن ریفارم رولز کا خاتمہ، کنوینس الاؤنس، میڈیکل الاؤنس، ہاؤس رینٹ بمطابق موجودہ رنگ بیک ڈبل کرنا اور اداروں کی پرائیویٹائزیشن اور نجکاری کے خاتمہ کے مطالبات حکومت فوری طور پر پورے کرے۔ مطالبات پورے نہ تک بھرپور احتجاج جاری رہے گا۔

ڈاکٹر زفار ہیومینیٹی کے زیر اہتمام پہلا فری میڈیکل کیمپ ڈھولے والی تحصیل ڈسکہ میں منعقد ہوا

کیمپ میں کارڈیالوجی، نیفرالوجی، گائنا کالوجی، یورالوجی، ہیپاٹالوجی، پیڈیاٹرکس، ذیابیطس، بلڈ پریشر، ای این ٹی، آرتھوپیڈکس، اور جنرل سرجری کے اسپیشلسٹ موجود تھے



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ڈاکٹرز فار ہیومینیٹی کے زیر اہتمام پہلا فری میڈیکل کیمپ ڈھولے والی تحصیل ڈسکہ میں منعقد ہوا جہاں مختلف امراض کے ماہر ڈاکٹروں نے مریضوں کو مفت طبی مشورے اور علاج فراہم کیا۔ کیمپ میں کارڈیالوجی، نیفرالوجی، گائنا کالوجی، یورالوجی، ہیپاٹالوجی، پیڈیاٹرکس، ذیابیطس، بلڈ پریشر، ای این ٹی، آرتھوپیڈکس، اور جنرل سرجری کے اسپیشلسٹ موجود تھے جنہوں نے لوگوں کو طبی سہولیات فراہم کیں کیمپ میں 500 سے زائد مرد، خواتین اور بچوں نے شرکت کی مریضوں کے لیے مفت ہیپاٹائٹس بی، ہیپاٹائٹس سی اور ذیابیطس کے ٹیسٹ کیے گئے جبکہ حاملہ خواتین کے لیے الٹراساؤنڈ کی سہولت بھی فراہم کی گئی عوام نے اس اقدام کو بے حد سراہا اور معائنہ کے لیے دعا گو رہے ڈاکٹرز فار ہیومینیٹی کے بانی ممبر ڈاکٹر ثاقب بشیر بسراء نے کہا کہ ہمارا مقصد دیہی علاقوں میں معیاری طبی سہولیات فراہم کرنا ہے جہاں لوگوں کو صحت کی بنیادی سہولیات تک رسائی مشکل ہوتی ہے یہ پہلا کیمپ کامیاب رہا انشاء اللہ یہ سلسلہ مزید دیہی علاقوں میں جاری رکھا جائے گا ڈاکٹرز فار ہیومینیٹی کی ٹیم نے اس موقع پر تمام اسپیشلسٹ ڈاکٹروں، معاون عملے، اور میزبان چوہدری ہمایوں کرامت گھمن کا شکریہ ادا کیا

دودھ دہی اور کھانے پینے کی اشیاء میں سرعام ملاوٹ ہونے لگی

افسران کی وجہ سے گیمبر قادر آباد اور اس کے گردونواح میں ملاوٹ مافیہ بے لگام، انتظامیہ سے کارروائی کا مطالبہ

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) گیمبر پنجاب فوڈ کے نااہل افسران کی وجہ سے گیمبر قادر آباد اور اس کے گردونواح میں ملاوٹ مافیہ بے لگام دودھ دہی اور کھانے پینے کی اشیاء میں سرعام ملاوٹ ہونے لگی وزیراعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور پنجاب فوڈ ساہیوال کے نااہل افسران کی وجہ سے گیمبر قادر آباد یوسف والا بگڑی بل نورشاہ اور اس کے گردونواح میں ملاوٹ مافیا کا راج ملاوٹ مافیہ سرعام دودھ دہی اور کھانے پینے کی اشیاء میں ملاوٹ کر کے شہریوں کو بیماریاں بیچنے لگی جس کی وجہ سے گیمبر قادر آباد کی عوام مختلف خطرناک بیماریوں میں مبتلا ہونے لگی اور عوام شدید پریشان لیکن بدستی سے پنجاب فوڈ کے نااہل افسران بڑی بڑی گاڑیاں لے کر فوٹو سیشن کرنے میں مصروف اور ملاوٹ مافیا کو کوئی پوچھنے والا نہیں گیمبر قادر آباد کی عوام کا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز چیف سیکرٹری پنجاب کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گیمبر قادر آباد اور اس کے گردونواح میں بے لگام ملاوٹ مافیہ کو لگام دینے کے لیے اپنا کردار ادا کریں اور ملاوٹ مافیہ کے خلاف قانونی کارروائی کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے تاکہ گیمبر قادر آباد کی عوام کو ملاوٹ سے پاک اور صاف ستھری غذا میسر ہو سکے

نارنگ پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن: متعدد گرفتار

ملزمان سے ناجائز اسلحہ اور منشیات برآمد کر کے سلاخوں کے پیچھے دھکیل دیا، ایس ایچ او

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن متعدد گرفتار ناجائز اسلحہ اور منشیات برآمد تفصیل کے مطابق ایس ایچ او تھانہ نارنگ انسپکٹر سید ظہیر عالم شاہ نے جرائم پیشہ افراد کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے ڈیڑھ کلو سے زائد چرس اور ناجائز اسلحہ برآمد ہونے پر متعدد ملزمان کو گرفتار کر لیا سٹی پریس کلب نارنگ سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ علاقے کو جرائم فری بنانا میری اولین ترجیح ہے الحمدللہ مشن کامیابی سے جاری ہے اب تک درجنوں جرائم پیشہ افراد قانون کی گرفت میں ہیں نہ ہی کوئی سفارش قبول ہے اور نہ ہی کوئی رعایت ملے گی جرم کرنے والا سلاخوں کے پیچھے ہوگا کسی بھی مجرم کی سفارش لے کر میرے پاس کوئی نہ آئے بات

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7 جمعۃ المبارک 7 فروری 2025ء)

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مٹکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

نیلامی

1

نیلامی کے حوالے سے متعلقہ محکمانہ سے رابطہ میں ہیں، جن میں میں سفارت خانے پر حملہ اور قومی پرچم کی بے حرمتی جیسی سنگین جرائم کے ملزمان کو عدالت سے سزائیں ہوئیں، اس سے پاکستان کے بہادر جذبات متاثر ہوئے ہیں، پاکستان قومی کرکٹ ٹیم اور چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی سیکیورٹی صدر ایسوسی ایشن کے صدر بابر اعوان کو بھی دھمکیاں دی گئیں، عافیہ صدیقی مستقل میں دوبارہ اپنے مؤقف کے ذریعے ہمیں ملک کی ہر گلی محلہ میں ہونا چاہیے، جمعرات کو بنوں بار بریکٹ سے خطاب کرتے ہوئے ترجمان وزیر خانہ جنگ شہادت علی خان کہا کہ صدر آصف علی زرداری صدر اور چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی سیکیورٹی پر مامور اہلکاروں کو ہٹانے کی سازش ہے، پاکستان نے جو اپنے اصول اپنا لیے تھے ان پر قائم رہے، پاکستان نے کبھی صدر کی سیکیورٹی پر مامور اہلکاروں کو ہٹانے کی بات نہیں کی، پاکستان نے ہمیشہ اپنے اصول اپنائے ہیں

عوام کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی اولین ترجیح ہے، خواجہ اسلم رفیق

محکمہ انسانی حقوق و اقلیتی امور کے 5 سالہ اسٹریٹجک پلان کی 2024-29 پری لانچنگ تقریب کا انعقاد

قانون نافذ کرنے والے ادارے شرپسند عناصر کے خلاف جہاد کر رہے ہیں، پاکستان میں سہ ملکی کرکٹ سیریز اور چیمپئن ٹرافی کیلئے فول پروف سکیورٹی یقینی بنائی جائے گی

ہر قسم کی دہشتگردی کی مذمت کرتے ہیں، ہمارے ملک میں امن ہوگا تو ہی ترقی ہوگی، ہمارے ملک میں اقلیتوں کو برابر کے حقوق حاصل ہیں، ہم اقلیتوں کی عبادت گاہوں کی حفاظت کرتے ہیں، ہمارے ملک میں اقلیتوں کو مکمل تحفظ حاصل ہے